Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

با قاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 جمعرات، 24 اگست 2023ء، 06 صفر المظفر 1445ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 118

دوران سماعت چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ بادی النظر میں ٹرائل کورٹ نے اپنے فیصلے میں غلطیاں کی ہیں، چیئرمین پی ٹی آئی کو تو سنا ہی نہیں گیا

توشہ خانہ کیس بادی النظر میں ٹرائل کورٹ کے فیصلے میں غلطیاں ہیں چیف جسٹس

اسلام آباد ہائیکورٹ نے توشہ خانہ کیس قابل سماعت ہونے کا معاملہ ماتحت عدالت کو واپس بھیجا تھا، چیئرمین پی ٹی آئی نے توشہ خانہ کیس کا ٹرائل معطل کرنے کی بھی استدعا کر رکھا ہے

تین مرتبہ کیس کال کر کے ٹرائل کورٹ نے ملزم کو سزا سنا کر جیل بھیج دیا، ہم آج مداخلت نہیں کریں گے، کل ہائیکورٹ اپیلوں پر سماعت کرے، عدالت عالیہ میں ہونے والی پروسیڈنگ کو دیکھیں گے، پھر مقدمہ سنیں گے

اسلام آباد (خصوصی خبر نگار) سپریم کورٹ نے چیئرمین پی ٹی آئی کی توشہ خانہ کیس میں دائر اپیلوں پر سماعت کل تک ملتوی کردی ، چیف جسٹس نے ریمارکس میں کہا کہ بادی النظر میں ٹرائل کورٹ کے فیصلے میں غلطیاں ہیں۔ چیئرمین پی ٹی آئی کی جانب سے توشہ خانہ کیس ایڈیشنل سیشن جج ہمایوں دلاور کے حوالے کرنے کے اسلام آباد ہائی کورٹ کے حکم کے خلاف دائر درخواست پر سپریم کورٹ میں سماعت ہوئی، چیف جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں جسٹس مظاہر علی اکبر نقوی اور جسٹس جمال خان مندوخیل پر مشتمل 3 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ دوران سماعت چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ بادی النظر میں ٹرائل کورٹ نے اپنے فیصلے میں غلطیاں کی ہیں، چیئرمین پی ٹی آئی کو تو سنا ہی نہیں گیا، تین مرتبہ کیس کال کر کے ٹرائل کورٹ نے ملزم کو سزا سنا کر جیل بھیج دیا، ہم آج مداخلت نہیں کریں گے، کل ہائیکورٹ اپیلوں پر سماعت کرے، عدالت عالیہ میں ہونے والی پروسیڈنگ کو دیکھیں گے، پھر مقدمہ سنیں گے۔ الیکشن کمیشن کے وکیل امجد پرویز کا کہنا تھا ٹرائل کورٹ نے فیصلے سے قبل تین بار ملزم کو موقع دیا تھا ، ملزم کی عدم حاضری پر ٹرائل کورٹ نے توشہ خانہ کیس کا فیصلہ کیا۔ جسٹس مظاہر علی اکبر نقوی نے استفسار کیا کہ ٹرائل کورٹ نے حق دفاع کے بغیر توشہ خانہ کیس کا فیصلہ کیسے کر دیا؟ ملک کی کسی بھی عدالت میں کرمنل کیس میں ملزم کو حق دفاع کے بغیر کیس (بقیہ نمبر 1)

چیف جسٹس کی PTI چیئرمین کی وکالت سابق وزیراعظم کو اچھا نہیں بنا سکتی مریم

کل تک اسلام آباد ہائیکورٹ کے فیصلے کا انتظار کر لیتے ہیں، اس کے بعد کیس کی سماعت کریں گے، عمر عطا بندیال

لاہور (اسپیشل رپورٹر) چیف آرگنائزر مسلم لیگ ن مریم نواز نے کہا ہے کہ چیف جسٹس پاکستان کا چیئرمین پی ٹی آئی کی وکالت کرنا نہیں، سابق وزیراعظم کو اچھا نہیں بنا سکتا۔ توشہ خانہ کیس میں سابق وزیراعظم کی جانب سے اسلام آباد ہائیکورٹ کے فیصلے (بقیہ نمبر 4)

بٹگرام حادثہ، چیئر لفٹ چلانے کیلئے ضلعی انتظامیہ کا این او سی لازمی قرار

دریاؤں اور ندی نالوں کے اوپر چلنے والی سفری چیئر لفٹس کی چیکنگ کی جائے، صوبائی حکومت

پشاور (خبر نگار) خیبر پختونخوا حکومت نے بٹگرام حادثے کے بعد چیئر لفٹ چلانے کیلئے ضلعی انتظامیہ کا این او سی لازمی قرار دے دیا۔ خیبر پختونخوا حکومت نے بٹگرام چیئر لفٹ حادثہ کے بعد صوبہ بھر کی چیئر لفٹس کے معائنہ کا فیصلہ کرتے ہوئے تمام اضلاع کے (بقیہ نمبر 3)

جڑانوالہ واقعے میں ملوث لوگوں کو سزائیں ہوں گی، نگران وفاقی وزیر اطلاعات

مرتضی سولنگی نے کہا کہ ہمارے جوانوں نے پیشہ وارانہ انداز میں بہادری سے بچوں کو ریسکیو کیا

اسلام آباد (نامہ نگار) نگران وفاقی وزیر اطلاعات مرتضی سولنگی نے کہا ہے کہ جڑانوالہ واقعے میں ملوث لوگوں کو سزائیں ہوں گی۔ نگران وفاقی وزیر اطلاعات مرتضی سولنگی نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ جڑانوالہ والے واقعات اچانک رونما نہیں (بقیہ نمبر 2)

نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا ہے کہ دہشتگر دوں کے حملوں سے خوف یا تھکاوٹ کا شکار نہیں، جن کو غلط فہمی ہے وہ دور کر لیں، ہتھیار نہیں ڈالیں گے

دہشتگردوں کے حملوں سے خوف کا شکار نہیں مقابلہ کرینگے نگران وزیر اعظم

قبل ازیں نگران وزیر اعظم نے معروف کاروباری شخصیات سے ملاقات کے دوران خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں بے روزگاری، مہنگائی اور خوراک کی کمی کا سامنا ہے

نگراں وزیر اعظم نے کہا کہ ہم کسی خیرات پر لڑائی نہیں لڑ رہے، ہمارے مجاہدوں کی جو گولیاں چل رہی ہیں وہ آپ کا پیسہ ہے، مسلح افواج کی قربانیوں کا صلہ ان کی عزت اور تکریم ہے

نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا کہ کل ہی وزیرستان میں ہمارے 10 جوان شہید ہوئے، دہشتگردی کے خلاف جنگیں صرف کچھ افراد نہیں لڑتے، دہشتگردی کے خلاف جنگیں پوری قوم لڑتی ہے

کراچی (نمائندہ خصوصی) نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا ہے کہ دہشتگردوں کے حملوں سے خوف یا تھکاوٹ کا شکار نہیں، جن کو غلط فہمی ہے وہ دور کر لیں، ہتھیار نہیں ڈالیں گے، مقابلہ کریں گے۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا کہ کل ہی وزیرستان میں ہمارے 10 جوان شہید ہوئے، دہشتگردی کے خلاف جنگیں صرف کچھ افراد نہیں لڑتے، دہشتگردی کے خلاف جنگیں پوری قوم لڑتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتہا پسندی کے سامنے کسی صورت سرینڈر نہیں (بقیہ نمبر 5)

کراچی: نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ سے پیپلز پارٹی کا وفد ملاقات کر رہا ہے

وفاقی تعلیمی بورڈ: انٹرمیڈیٹ نتائج کا اعلان، پنجاب کالج نے میدان مار لیا

پنجاب کالج کی پری میڈیکل گروپ کی شاہنور نے 1075 نمبر لیکر پہلی پوزیشن حاصل کی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی تعلیمی بورڈ نیا انٹرمیڈیٹ امتحانات کے نتائج کا اعلان کر دیا جس میں پنجاب کالج کے بچوں نے میدان مار لیا۔ پنجاب کالج کی پری میڈیکل گروپ کی شاہنور نے 1075 نمبر لیکر پہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ کامرس گروپ کے نتائج میں بھی تینوں (بقیہ نمبر 7)

عدم برداشت اور اخلاقی انحطاط میں اضافہ ہو رہا ہے، امیر جماعت اسلامی

لاہور (نیوز رپورٹر) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ سندھ کی حکمران پارٹی نے ظالم جاگیرداروں اور وڈیروں کا سہارا لے کر صوبے کو جنگل بنا دیا، بچیاں تک محفوظ نہیں، (بقیہ نمبر 6)

صارفین کو ایک اور جھٹکا بجلی 5 روپے 40 پیسے فی یونٹ مہنگی

نیپرا نے سہ ماہی ایڈجسمنٹ کی مد میں ڈسکوز کی جانب سے بجلی 5 روپے فی یونٹ مہنگی کرنے کی درخواست پر سماعت مکمل

نیپرا نے اضافے کی ابتدائی منظوری دے دی، اضافہ سال 23-2022 کی چوتھی سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں کیا گیا ہے

اسلام آباد (خصوصی خبر نگار) مہنگائی کے ستائے عوام کو ایک اور جھٹکا، نیپرا نے بجلی 5 روپے 40 پیسے فی یونٹ مہنگی کردی۔ نیپرا نے سہ ماہی ایڈجسمنٹ کی مد میں ڈسکوز کی جانب سے بجلی 5 روپے فی یونٹ مہنگی کرنے کی درخواست پر سماعت مکمل، بجلی کی قیمت سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کے تحت 5 (بقیہ نمبر 13)

SUPREME COURT
PAKISTAN

اسلام آباد: توشہ خانہ کیس: چیئرمین پی ٹی آئی کی اپیلوں پر سماعت کا حکم نامہ جاری

دہشتگردوں اور سہولت کاروں کو ہتھیار ڈالنے تک نہیں چھوڑیں گے آرمی چیف

آئی ایس پی آر، کے مطابق آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے جنوبی وزیرستان کے علاقہ اسمان منزا کا دورہ کیا

آرمی چیف نے افسروں اور جوانوں سے ملاقات کی، آرمی چیف کو سکیورٹی کی صورتحال اور انسداد دہشت گردی آپریشنز پر تفصیلی بریفنگ بھی دی گئی

راولپنڈی (خبر نگار) آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے کہا دہشتگردوں اور سہولت کاروں کو ہتھیار ڈالنے تک نہیں چھوڑیں گے۔ پاک فوج کے محکمہ تعلقات عامہ) آئی ایس پی آر (کے مطابق آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے جنوبی وزیرستان کے علاقہ اسمان منزا کا دورہ کیا، کور (بقیہ نمبر 8)

آزادی اظہار رائے اور معلومات تک رسائی ہر شہری کا بنیادی حق ہے جسٹس فائز عیسیٰ

تمام قوانین کا مقصد سچ سامنے لانا ہی ہے اور انصاف سچ کی بنیاد پر ہی ہوتا ہے، تقریب حلف برداری سے خطاب

انہوں نے کہا کہ فیصلہ آنے پر کوئی بھی فریق کہہ سکتا ہے کہ فیصلہ ٹھیک نہیں ہوا، خبر اور رائے میں فرق ضروری ہے

اسلام آباد (نامہ نگار) نامزد چیف جسٹس قاضی فائز عیسی نے کہا ہے کہ آزادی اظہار رائے اور معلومات تک رسائی ہر شہری کا بنیادی حق ہے ۔ جسٹس قاضی فائز عیسی نے پریس ایسوسی ایشن آف سپریم کورٹ کی کابینہ کی تقریب حلف برداری سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام قوانین کا مقصد سچ سامنے لانا ہی ہے اور انصاف سچ کی بنیاد پر ہی ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیصلہ آنے پر کوئی بھی فریق کہہ سکتا ہے کہ فیصلہ ٹھیک نہیں ہوا، خبر اور رائے میں فرق ضروری ہے، ایک سچائی ہوتی ہے اور ایک رائے ہوتی ہے، رائے سے اختلاف کیا جاسکتا ہے، سچ سے کوئی اختلاف نہیں کرسکتا۔ جسٹس قاضی فائز عیسی نے کہا کہ ذمہ دارانہ صحافت وقت کی ضرورت ہے، مثبت صحافت کا معاشرے پر اچھا تاثر قائم ہوتا ہے، صحافی اور جج ہمیشہ سچ کی تلاش میں رہتے ہیں ، سچ (بقیہ نمبر 12)

چیئرمین سینیٹ سے کیسکو کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کی ملاقات

محمد صادق سنجرانی نے توانائی کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے کیلئے کیسکو کی کوششوں کی تعریف کی

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی سے کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالکریم جمالی نے بدھ کو پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات (بقیہ نمبر 14)

الیکشن کمیشن آف پاکستان
ELECTION COMMISSION OF
PAKISTAN

اسلام آباد: عام انتخابات کا انعقاد، الیکشن کمیشن نے سیاسی جماعتوں سے مشاورت شروع کردی

حمیرا احمد نے صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کی پرنسپل سیکرٹری کی حیثیت سے خدمات انجام دینے سے انکار کر دیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) حمیرا احمد نے صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کی پرنسپل سیکرٹری کی حیثیت سے خدمات انجام دینے سے انکار کر دیا ہے۔ پاکستان ایڈمنسٹریٹو گریڈ 22 کی افسر حمیرا (بقیہ نمبر 15)

جماعت اسلامی کا 82 واں یوم تاسیس 26- اگست کو جوش وجذبے کے ساتھ منایا جائیگا

لاہور (نیوز رپورٹر) پاکستان بھر میں جماعت اسلامی کا 82 واں یوم تاسیس 26- اگست کو جوش و جذبے کے ساتھ منایا جائیگا اس موقع پر ملک بھر میں سیمینارز ، مذاکرے اور جلسے منعقد کیے (بقیہ نمبر 16)

صدرِ مملکت نے انتخابات کی تاریخ دینے کے عمل کا آغاز کردیا

صدر مملکت نے 9 اگست کو وزیر اعظم کے مشورے پر قومی اسمبلی کو تحلیل کیا

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) صدر مملکت عارف علوی نے چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کو الیکشن کی تاریخ کے حوالے سے ملاقات کی دعوت دے دی۔ صدر مملکت عارف علوی نے (بقیہ نمبر 9)

ڈگری کی جوڈیشل. مجسٹریٹ ون کی عدالت میں ایس ایس پی میرپور خاص کی طلبی ایس ایس پی عدالت میں پیش

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) ڈگری کی جوڈیشل. مجسٹریٹ ون کی عدالت میں ایس ایس پی میر پور خاص کی طلبی ایس ایس پی عدالت میں پیش . ضلع بھر میں معاملات بہتر ہیں ایس ایس پی میر پور خاص کی پیشی کے بعد میڈیا سے گفتگو تفصیلات کے مطابق جوڈیشل مجسٹریٹ ون کی عدالت میں ایس ایس پی میر پور خاص مختلف مقدمات میں پولیس کی کمزور پراسیکیوشن چالان میں (بقیہ نمبر 11)

سیلاب سے متاثرہ اضلاع میں ریلیف کی سرگرمیاں جاری ہیں، ترجمان پی ڈی ایم اے

متاثرہ اضلاع میں 769 ریسکیو اہلکار چوبیس گھنٹے سے ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق سیلاب سے متاثرہ اضلاع میں ریلیف کی سرگرمیاں جاری ہیں۔ ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے عمران قریشی نے بتایا کہ گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں عملہ ضلع بہاولنگر، قصور، اوکاڑہ، پاکپتن، دیہاڑی، ملتان اور لودھراں میں (بقیہ نمبر 10)

راولپنڈی: پاکستان اور سعودی عرب کی سپیشل فورسز کی مشترکہ جنگی مشقیں

پاکستان اور سعودی عرب کی سپیشل فورسز کی مشترکہ جنگی مشقیں

پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق پاکستان اور سعودی عرب کی سپیشل فورسز کی مشترکہ جنگی مشقیں شروع ہو گئیں

مشترکہ مشقوں کی افتتاحی تقریب چراٹ میں ہوئی، مشقوں کا مقصد دونوں ممالک میں فوجی تعلقات کو مزید مستحکم بنانا ہے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق پاکستان اور سعودی عرب کی سپیشل فورسز کی مشترکہ جنگی مشقیں شروع ہو گئیں۔ انٹر سروسز پبلک ریلیشنز) آئی ایس پی آر (کے مطابق مشترکہ مشقوں کی افتتاحی تقریب چراٹ میں ہوئی، مشقوں کا مقصد دونوں ممالک میں (بقیہ نمبر 24)

ذرائع ابلاغ کے ایک حصے کی جانب سے شائع شدہ خبر مذکورہ میں اصل تناظر سے ہٹ کر اور محدود معلومات فراہم کی گئی ہیں

ایس این جی پی ایل کے موجودہ چیئرمین اور آزاد ڈائریکٹرز کا تقرر کابینہ یعنی وفاقی حکومت کی جانب سے کیا گیا ہے

دفعہ (2)15 اور (2)10 الف کے تحت وفاقی حکومت بالترتیب چیئرمین اور آزاد ڈائریکٹرز کے تقرر کے حوالے سے مکمل اختیار رکھتی ہے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ذرائع ابلاغ کے ایک حصے کی جانب سے شائع شدہ خبر کے حوالے سے یہ بیان جاری کیا جا رہا ہے کہ مذکورہ خبر میں اصل تناظر سے ہٹ کر اور محدود معلومات فراہم کی گئی ہیں۔ اس حوالے سے سوئی ناردرن گیس کا نکتہ نظر درج ذیل ہے: بورڈ آف ڈائریکٹرز) بی او (بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد: نگران وزیر دفاع کی ایئر ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں سربراہ پاک فضائیہ سے ملاقات

ڈیرہ مراد جمالی کے قریب مسافر وین الٹ گئی، ایک مسافر جاں بحق، 7 مسافر زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (جنرل رپورٹر) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب گنداواہ ست جیکب آباد جانے والی مسافر وین کو حادثہ ایک مسافر جا ں بحق اور 7 زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے پولیس تھانہ نوتال کی حدود چانڈیہ موڑ پر گنداواہ سے جیکب آباد جانے والی مسافر وین کا اچانک (بقیہ نمبر 18)

سیکرٹری ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ سمیرا اصمد کی زیر صدارت خیبر پختونخوا کی خواتین افسران کے اجلاس کا انعقاد

لاہور (سٹاف رپورٹر) سیکرٹری ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ سمیرا اصمد سے خیبر پختونخوا کی خواتین افسران کے وفد نے انکے دفتر میں ملاقات کی۔ وفد میں ڈائریکٹوریٹ آف سوشل ویلفیئر، (بقیہ نمبر 21)

صوبے بھر میں یوم خواندگی کی مناسبت سے متعدد سرگرمیوں کے انعقاد کا فیصلہ

خواندگی کی اہمیت وفروغ حوالے سے ابلاغ کے تمام ذرائع استعمال کئے جائیں گے

لاہور (سٹاف رپورٹر) سیکرٹری لٹریسی سید اقبال حیدر کی ہدایت پر یوم خواندگی کے انتظامات اور تیاریوں کے حوالے سے خصوصی اجلاس سیکرٹری آفس میں منعقد ہوا جس کی صدارت ڈپٹی سیکرٹری محکمہ لٹریسی اویس نواز نے کی۔ اجلاس میں صوبے بھر میں خواندگی کا عالمی دن بھر پور طریقے سے منانے حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں پنجاب کے تمام اضلاع میں یوم خواندگی پر سرگرمیوں کے انعقاد کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا اور میڈیا سٹریٹجی بھی طے کی گئی۔ ڈپٹی سیکرٹری اویس نواز نے کہا کہ سیکرٹری لٹریسی سید اقبال حیدر کی ہدایات پر تمام اضلاع میں یوم خواندگی کے موقع پر واک اور سیمینارز کروائے (بقیہ نمبر19)

اسسٹنٹ کمشنر پشین کا جانوروں کی چربی سے مضر صحت گھی بنانے والی ڈیری پر چھاپہ، ایک شخص گرفتار

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر پشین حبیب بنگلزئی نے گنج منڈی میں اونٹ، بیل اور گائے کی چربی سے مضر صحت گھی بنانے والی ڈیری پر چھاپہ مار کر ایک شخص کو گرفتار کر کے ڈیری سیل (بقیہ نمبر23)

ملتان ریجن پولیس میں یکساں احتسابی عمل کا تسلسل جاری ہے، آر پی او

آر پی او نے ریٹائرڈ سب انسپکٹر محمد اشرف مرحوم کی سروس ضبطگی ایک سال منظور

اسسٹنٹ سب انسپکٹر محمد زکریا کی چارج شیٹ پر ایک ماہ کی تنخواہ کے برابر جرمانہ عائد کیا

ملتان (جنرل رپورٹر) ریجنل پولیس آفیسر کیپٹن (ر) محمد سہیل چودھری نے کہا ہے کہ ملتان ریجن پولیس میں یکساں احتسابی عمل کا تسلسل جاری ہے۔ ترجمان ملتان پولیس کے مطابق بدھ کے روز آر پی او نے اپنے دفتر میں قائم اردل روم میں پولیس افسران و ملازمین کو دی گئی سزاؤں کے خلاف دائر اپیلوں (بقیہ نمبر25)

اے سی گوجر خان کی ہدایات پر انفورسمنٹ ٹیم کی ہتھ ریڑھی والوں کے خلاف کاروائی

کار سرکار میں مداخلت اور انفورسمنٹ ٹیم کے ساتھ جھگڑنے والوں کے خلاف مقدمات درج

گوجر خان (قمر شہزاد) گورنمنٹ آف پنجاب کے احکامات اور عوامی شکایات کی بنا پر اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان میاں مراد حسین نیکو کارہ کی ہدایات پر عملدرآمد کرتے ہوئے سی بلدیہ اظہر مجید کی زیر نگرانی انفورسمنٹ انسپکٹرز خواجہ بلال سلیم اور ملک فیض اللہ اور انکی ٹیم کا جی ٹی روڈ پر مسلسل (بقیہ نمبر 20)

آئی جی پولیس خیبر پختونخوا اختر حیات خان کا نوشہرہ اور مردان کا دورہ

پولیس لائنز باؤنڈری وال اور پولیس ریسٹ ہاؤس کی تزئین وآرائش کا افتتاح کیا

پشاور (جنرل رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف پولیس خیبر پختونخوا اختر حیات خان نے گزشتہ روز نوشہرہ اور مردان کا دورہ کیا جہاں انہوں نے نوشہرہ میں پولیس کمانڈ اینڈ کنٹرول روم، نئے قائم شدہ ابابیل سکواڈ، پولیس لائنز باؤنڈری وال اور پولیس ریسٹ ہاؤس کی تزئین وآرائش کا افتتاح کیا نیز مردان میں پولیس چوکی بغدادہ کے افتتاح کیساتھ ساتھ نئی ذمہ داریاں سنبھالنے والے ڈویژنل ایس (بقیہ نمبر 22)

جاوید لطیف گرفتاری کیس، گرفتاری سے قبل ملزم کو آگاہ کرنے کے حکم کیخلاف نیب کی اپیل خارج

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) جاوید لطیف گرفتاری کیس، عدالت نے گرفتاری سے قبل ملزم کو آگاہ کرنے کے حکم کیخلاف نیب کی اپیل خارج کر دی۔ تفصیلات کے مطابق سپریم کورٹ میں رہنما مسلم لیگ ن جاوید لطیف کو گرفتاری سے قبل آگاہ کر (بقیہ نمبر 27)

پاکستان ایشیا پیسفک میں سب سے بڑی سورس مارکیٹ ہے، سعودی وزیر

سعودی ٹورازم اتھارٹی کے زیر اہتمام نسوک روڈ شو کے موقع پر میڈیا راؤنڈ ٹیبل میں اظہار خیال

کراچی (جنرل رپورٹر) پاکستان کا دورہ کرنے والے سعودی عرب کے وزیر برائے حج و عمرہ ڈاکٹر توفیق بن فوزان الربیعہ نے کہا ہے کہ پاکستان ایشیا پیسفک ریجن میں سعودی عرب کی سب سے بڑی سورس مارکیٹ ہے۔ گزشتہ روز مقامی ہوٹل میں سعودی ٹورازم اتھارٹی کے زیر اہتمام سعودی عرب میں سیاحت کے شعبہ کے فروغ کیلیے نسوک روڈ شو کے موقع پر میڈیا راؤنڈ ٹیبل میں سعودی عرب کے وزیر برائے حج وعمرہ ڈاکٹر توفیق بن فوزان الربیعہ نے کہا کہ پاکستان ایشیا پیسفک ریجن میں سعودی عرب کی (بقیہ نمبر26)

نگران وزیر دفاع کی جانب سے پاک فضائیہ کے قومی سلامتی کے عزم اور جدت طرازی کی تعریف

نگران وزیرِ دفاع انور حیدر علی اور سربراہ پاک فضائیہ، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو، سے انکے دفتر میں ملاقات

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) انور علی حیدر نے پاکستان کی خودمختاری کے تحفظ میں پاک فضائیہ کے بہادر جوانوں کے اہم کردار کو سراہا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) نگران وزیرِ دفاع، لیفٹیننٹ جنرل) ریٹائرڈ (انور علی حیدر، نے ایئر ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد کے دورے کے دوران سربراہ پاک فضائیہ، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو، سے انکے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران بین الاقوامی تزویراتی ماحول اور علاقائی سلامتی کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سربراہ پاک فضائیہ نے معزز مہمان کو پاک فضائیہ کی جدت طرازی سے منسلک منصوبوں اور ملک کے ناقابل تسخیر فضائی دفاع کو یقینی بنانے کے لیئے اتحادی ممالک سے حاصل کردہ تکنیکی ٹیکنالوجیز کے بارے میں ایک جامع بریفنگ دی۔ انہوں نے پاکستان ایئر فورس (بقیہ نمبر31)

نگران وزیر دفاع انور حیدر علی اور سربراہ پاک فضائیہ، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو ملاقات کر رہے ہیں

وزارتِ خزانہ اور آئی ایم ایف کے درمیان ورچوئل رابطہ

آئی ایم ایف نے گیس سیکٹر کے گردشی قرضے میں کمی کے پلان پر مزید وضاحت مانگی

پلگ ان بیک سکیم سے گیس سیکٹر کا گردشی قرض کم ہو کر 12 سو ارب رہ جائیگا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وزارت خزانہ کے حکام اور آئی ایم ایف کے درمیان ورچوئل رابطہ ہوا ہے۔ اس حوالے سے وزارت خزانہ کے ذرائع کا کہنا ہے کہ گیس سیکٹر کے گردشی قرضے میں کمی کے لئے نئے پلان پر بات چیت ہوئی اور آئی ایم ایف نے گیس سیکٹر کے گردشی قرضے میں کمی کے (بقیہ نمبر 29)

میرے خلاف نیب کی فرضی رپورٹ حقائق کے منافی ہے

سارے اثاثوں کی منی ٹریل اور سورس موجود ہے، مونس الٰہی

کسی بے قاعدگی کا کوئی ثبوت نہیں ملا لہٰذا اس کیس کو بند کر دینا چاہیے، مونس الٰہی کا ٹویٹ

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور سابق وفاقی وزیر چوہدری مونس الٰہی کا کہنا ہے کہ میرے خلاف نیب کی لیک کی گئی فرضی رپورٹ حقائق کے منافی اور سراسر جھوٹ ہے۔ سابق وفاقی وزیر مونس الٰہی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر ٹوٹ کرتے ہوئے کہا کہ تمام معاملات میں شفافیت کو اپنایا، کیلبری فونٹ کا کوئی جھوٹا دعویٰ نہیں ہے، نیب کے جھوٹے الزامات کی واضح تردید میری انکم ٹیکس ریٹرنز سے ہوتی ہے۔ سارے اثاثوں کی منی ٹریل اور سورس موجود ہے جو کہ میری ٹیکس (بقیہ نمبر 30)

دریائے ستلج میں پانی کے تیز ریلے کی لپیٹ میں آ کر نوجوان ڈوب گیا

عارف والا (نیوز رپورٹر) دریائے ستلج میں پانی کے تیز ریلے کی لپیٹ میں آ کر نوجوان ڈوب گیا تفصیلات کے مطابق تحصیل عارفوالا میں کنڈ نورا تھ کے نزدیک سیلابی پانی کے تیز بہاؤ سے نوجوان دریائے ستلج میں ڈوب کر موت کی نیند سو گیا ریسکیو اہلکاروں نے آپریشن کر کے نوجوان کی لاش (بقیہ نمبر28)

اسلام آباد: چیئرمین سینیٹ سے رکن امریکی کانگریس ڈیرن لاہود کی ملاقات، تجارتی و پارلیمانی روابط میں اضافے پر تبادلہ خیال

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

موٹروے پر بڑھتے حادثات

پنڈی بھٹیاں ایم فور کے قریب کراچی سے اسلام آباد جاتی ایک بس میں آتشزدگی سے 18 مسافر زندہ جل گئے جبکہ 14 شدید زخمی ہوئے جنہیں قریبی ہسپتالوں میں منتقل کر دیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق حادثہ اس وقت پیش آیا جب حافظ آباد کی تحصیل پنڈی بھٹیاں ایم فور کے قریب مسافر بس ڈیزل سے بھرے ڈرم لیجاتی پک اپ کے ساتھ ٹکرا گئی۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر) ڈی پی او (حافظ آباد کا کہنا ہے کہ حادثہ صبح سوا چار بجے کے قریب پیش آیا۔ ڈی پی او کے مطابق قوی امکان ہے کہ ڈرائیور کی آنکھ لگ گئی تھی اور اسی دوران بس پک اپ سے جا ٹکرائی، بس نے پک اپ کو کچھ میٹرز تک اپنے ساتھ گھسیٹا جس سے ڈیزل سے بھرے ڈرم باہر گرے اور ان میں آگ لگ گئی۔ ان کا کہنا تھا کہ حادثے میں پک اپ وین بھی مکمل طور جل گئی ہے، اس کا ڈرائیور جاں بحق جبکہ ساتھی مسافر زخمی ہے۔

رواں برس جون میں ایک مسافر بس کلر کہار سالٹ رینج میں بریک فیل ہونے کے باعث الٹ گئی تھی، اِس حادثے میں لگ بھگ 13 افراد جاں بحق جبکہ 15 زخمی ہو گئے تھے۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق حادثہ تیز رفتاری کے باعث پیش آیا تھا۔ حادثے میں زخمی ہونے والے افراد نے موٹروے پولیس کو بتایا تھا کہ اسلام آباد سے روانہ ہونے سے قبل مسافروں نے بس ٹھیک نہ ہونے کی شکایت کی تھی، لیکن اڈہ مینیجر اور ڈرائیور نے اِس پر کان نہیں دھرے اور اسی بس پر لوگوں کو سفر کرنے پر مجبور کیا۔ نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے حادثے کے ذمہ داران کے خلاف قانونی کارروائی کا حکم دیا تھا تاہم اس معاملے میں موٹروے پولیس کی مزید کارروائی کی کوئی اطلاع میڈیا کو فراہم نہیں کی گئی۔ لگتا ہے کہ اس مقدمے کو بھی دیگر ہزاروں مقدمات کی طرح ہی ڈیل کیا گیا۔ اِس حادثے کے بعد موٹروے پولیس نے کلر کہار سالٹ رینج کا راستہ خطرناک ہونے کے باعث یہاں سختی شروع کر دی تھی، بسوں اور کمرشل گاڑیوں کو انتہائی کم سپیڈ پر موٹروے پولیس کی نگرانی میں اِس سیکشن سے گزارا جاتا ہے جس میں خاصا وقت لگتا ہے کیونکہ پہلے اِن گاڑیوں کو ایک لائن میں کھڑا کر کے اکٹھا کیا جاتا ہے اور پھر انتہائی کم سپیڈ پر اِس سیکشن سے گزارا جاتا ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کلر کہار رینج سے نکلتے ہی مسافر بسیں مقررہ وقت میں منزل پر پہنچنے کے لیے فراٹے بھرنے لگتی ہیں، درجنوں کلومیٹر تک اوور سپیڈنگ کرتی ہیں اور نہایت غلط طریقے سے اوورٹیکنگ بھی اِن کا معمول ہے۔ فروری 2023 میں بھی کلر کہار سالٹ رینج میں ایسا ہی حادثہ پیش آیا تھا، اس وقت بھی تیز رفتاری کے باعث باراتیوں سے بھری بس کی بریک فیل ہوگئی تھی اور وہ سڑک کی درمیانی رکاوٹ عبور کرتے ہوئے دوسری طرف اسلام آباد جانے والی گاڑیوں سے ٹکرا گئی تھی جس کے باعث تین گاڑیاں بھی کھائی میں جاگری تھیں، حادثے میں 13 افراد جان سے ہاتھ دھو بیٹھے تھے۔ گزشتہ برس موٹروے پر گاڑیوں میں آگ لگنے کے مختلف واقعات میں 100 سے زائد افراد جاں بحق ہوئے تھے۔ پاکستان میں 2018 سے لیکر اب تک روزانہ ٹریفک حادثات میں اوسطاً 21 افراد جاں بحق ہو جاتے ہیں، گزشتہ پانچ سال کے دوران 40 ہزار سے زائد افراد جاں بحق جبکہ لگ بھگ 23 لاکھ افراد زخمی ہو چکے ہیں۔ ملک بھر میں روزانہ ایک ہزار سے زائد چھوٹے بڑے حادثات ہوتے ہیں۔ گزشتہ پانچ برسوں میں 19 لاکھ سے زائد حادثات رپورٹ ہوئے جن میں 171 ارب روپے مالیت کی تین لاکھ پانچ ہزار گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں تباہ ہوئیں۔ متعلقہ ماہرین کے مطابق پاکستان میں 60 فیصد ڈرائیور حضرات بغیر لائسنس گاڑیاں چلاتے ہیں۔ زیادہ تر ٹریفک حادثات میں انسانی غفلت کا ہی ہاتھ ہوتا ہے چاہے وہ کسی بھی طرف سے برتی جائے تاہم دیگر بڑی وجوہ میں سڑکوں کی خستہ حالی، اوور لوڈنگ، ون وے کی خلاف ورزی، اوورٹیکنگ، اشارہ توڑنا، دوران ڈرائیونگ موبائل فون کا استعمال، نوعمری میں بغیر لائسنس کے ڈرائیونگ، بریک کا فیل ہو جانا اور زائدالمدت ٹائروں کا استعمال شامل ہیں۔ انڈس، ملتان، مظفر گڑھ اور کوئٹہ کراچی ہائی ویز کا شمار ملک کی خطرناک ترین سڑکوں میں ہوتا ہے تاہم ایسا محسوس ہو رہا ہے کہ اگر موٹروے پر حادثات کی رفتار یہی رہی تو یہ بھی جلد خطرناک سڑکوں کی فہرست میں نمایاں پوزیشن حاصل کر لے گا۔ گاڑیوں کی بروقت چیکنگ، سیفٹی پروٹوکولز کا خیال نہ رکھا جانا اور ٹریفک قوانین کی پابندی نہ کرنے کے علاوہ طویل سفر کے دوران مسافر گاڑیوں کے ڈرائیوروں کی تھکاوٹ کے باعث آنکھ لگ جانا حادثات کے اہم اسباب ہیں ایسا لگ رہا ہے کہ نیشنل ہائی وے اینڈ موٹروے پولیس) این ایچ ایم پی (سمیت ہائی ویز سے جڑے دیگر تمام متعلقہ ادارے معاملات کو چلانے کی اہلیت کھوتے جا رہے ہیں۔ گزشتہ چند برس میں ٹال ٹیکس میں تو کئی گنا اضافہ کیا گیا ہے لیکن موٹروے پر خدمات کی فراہمی کا معیار گر گیا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ موٹروے پولیس میں عملے کی کمی۔

سلمان غنی کا صحافتی سفر

جنرل پرویز مشرف پاکستان کے حکمران تھے۔ ایک سیاسی سیٹ اپ بنانے کی کوشش ہو رہی تھی۔ سیاسی راہنماؤں پر زور ڈالا جا رہا تھا کہ وہ جنرل صاحب کی پسندیدہ پارٹی کا حصہ بنیں۔ ایک دن میاں یسین وٹو کے صاحبزادے جاوید وٹو میرے پاس تشریف لائے انہوں نے کہا کہ میاں صاحب آپ سے ملنا چاہتے ہیں اور کچھ مشورے بھی کرنے ہیں۔ جاوید وٹو میرے بھائیوں جیسے دوست تھے اس لئے میاں یسین وٹو مجھ سے غیر معمولی شفقت کرتے تھے۔ وہ میرے دست شناسی کے شوق سے بھی آگاہ تھے۔ انہوں نے اپنے ہاتھ کے پرنٹ بھی دیئے تھے اور کبھی کبھار اس حوالے سے گپ شپ بھی ہوتی تھی۔ ایک دن مغرب کے بعد ان کی فرید کورٹ ہاؤس والی رہائش گاہ پر گئے۔ چھت پر چار پائیاں لگی ہوئی تھیں۔ میاں صاحب روایتی تپاک سے ملے۔ چائے آ گئی

ڈاکٹر محمد اسلم ڈوگر

میاں یسین وٹو نے بتایا کہ ان پر جنرل صاحب کی پسندیدہ سیاسی پارٹی میں شامل ہونے کے لئے بے پناہ دباؤ ہے۔ انہوں نے جیلیں بھگتی ہیں مگر اب عمر کا ایسا حصہ ہے جس میں یہ ایڈونچر مشکل نظر آتا ہے۔ اس وقت میاں نواز شریف جدہ جا چکے تھے۔ میں نے ہنستے ہوئے کہا اب تو آپ کے قائد محترم ہی پاکستان سے چلے گئے ہیں تو اس میں آپ کو کیا رکاوٹ ہے؟ اس پر انہوں نے کہا گھوڑا میدان میں صرف سوار کی عزت کے لئے نہیں دوڑتا۔ اسے اپنی عزت بھی عزیز ہوتی ہے۔ اوکاڑا ایک عجیب ضلع ہے۔ ایک حیرت انگیز خطہ زمین۔ یہ احمد خاں کھرل کا علاقہ ہے جس نے اس وقت انگریزوں کے خلاف آواز اٹھائی جب سلطنت برطانیہ سورج کو اپنی مملکت میں غروب ہوتے دیکھنا برداشت نہیں کرتی تھی۔ رحیم یار خان کے ایک وفاقی وزیر نے یہاں آ کر کہا تھا کہ میں اوکاڑا کے عوام کو دیکھنے کے لئے آیا ہوں، جو جسے منتخب کرتے ہیں وہ وزیر بن جاتا ہے۔ پاکستان کی سیاست اوکاڑا سے چلتی ہے۔ بھٹو اسے پنجاب کا لاڑکانہ قرار دیتے رہے ہیں۔ آپ کو اوکاڑا میں جیسی سیاسی بصیرت ملتی ہے، ویسی آپ کو کہیں نظر نہیں آتی۔ یہاں لوگ سب کچھ بہترین کرنا جانتے ہیں۔ سیاست میں یہ صف اول میں نظر آتے ہیں تو زراعت میں جدید ترین ہیں۔ سب سے زیادہ آلو ہی اوکاڑا میں پیدا نہیں ہوتے بلکہ ایشیا کا سب سے بڑا آلو پیدا کرنے والا کاشتکار اوکاڑا سے ہے۔ وفا اور محبت کرنے میں تو کمال کر دیتے ہیں۔ میں نے اوکاڑا میں پانچ سال سرکاری ملازمت کی۔ میں اوکاڑا سے مدتوں پہلے نکل آیا ہوں مگر اوکاڑا میرے اندر سے نہیں نکلا۔ اب بھی بہت سے لوگوں کا خیال ہے کہ اوکاڑا میرے اندر آباد ہے۔ دوران ملازمت جب کوئی شخص مجھے آ کر یہ کہتا تھا کہ میں اوکاڑا سے آیا ہوں تو مجھے خوشی ہوتی تھی کہ اسے یقین ہوتا تھا کہ اوکاڑا سے میرا تعلق اسے یہ حق دیتا ہے کہ وہ مجھے اپنے کام کے لئے کہے۔ یہ میری خوش قسمتی ہے کہ مجھے اوکاڑا میں وقت گزارنے کا موقعہ ملا۔ اسی شہر بے مثال میں میری سلمان غنی صاحب سے ملاقات ہوئی اور پھر ہماری دوستی ہوگئی۔ اور اب تو اس کی مدت ساڑھے تین عشرے سے بڑھ گئی ہے۔ سلمان غنی صاحب تب ایک سٹوڈنٹ لیڈر تھے۔ غیر معمولی سیاسی شعور رکھتے تھے۔ ان کے والد ڈاکٹر عبدالغنی جماعت اسلامی اوکاڑا کے امیر تھے۔ شہر میں ان کا غیر معمولی احترام تھا۔ سلمان غنی صاحب کی زندگی پر نظر ڈالتا ہوں تو ان کی زندگی میں اوکاڑا کا وینس چوک بہت اہم نظر آتا ہے۔ اوکاڑا کے وینس چوک کی جہازی سائز کی چارپائی اوکاڑا کی سیاست اور صحافت کا مرکز تھی۔ یہاں رات گئے مجلس جاری رہتی تھی۔ یہاں عام طور پر ایسی خبریں زیر بحث آتی تھیں جو چند ہفتوں بعد اسلام آباد اور لاہور کی عملی سیاست کے واقعات بنتی تھیں۔ اوکاڑا کے وینس چوک کے سپ رکنگ سائز کے منجے نے سلمان غنی صاحب کو صحافت کے شوق میں مبتلا کیا۔ پنجاب یونیورسٹی سے ایم اے کیا۔ اس کے بعد نوائے وقت سے منسلک ہو گئے اور انہوں نے اپنے صحافتی کمالات کے مظاہرے کئے۔ خبر کے ساتھ ان کے عشق نے انہیں نوائے وقت کا چیف رپورٹر بنا دیا۔ ذمہ دارانہ رپورٹنگ کے ذریعے انہوں نے حکومت اور اپوزیشن کا احترام حاصل کیا۔ چوہدری عارف کبھی کبھی ان کے جوہر ٹاؤن کے دس مرلہ گھر کی تعمیر کی داستان بیان کرتے ہیں جس میں حرام کی ایک اینٹ بھی نہیں لگی۔ انہوں نے اپنی اولاد کو لقمہ حلال کھلانے کے لئے بے پناہ محنت کی اور ان کے بیٹوں سے مل کر رزق حلال کے فلسفے کی برکت کی سمجھ آتی ہے۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی رپورٹنگ ان کی صحافتی ذمہ داری رہی اور انہوں نے اسے خوب نبھایا۔ میاں نواز شریف بھی ان کے اس صحافیانہ کردار کی خاص طور پر تعریف کرتے ہیں۔ جس کا مظاہرہ انہوں نے اس وقت کیا تھا جب کلثوم نواز شریف احتجاج کے لئے نکلی تھیں تو ان کی کار کو سرکاری اہلکاروں نے اٹھا کر عالمی میڈیا کی خبر بنا دیا تھا۔ مگر پاکستان میں اس کی جرات مندانہ رپورٹنگ کرنا صرف سلمان غنی کا کام تھا۔

کہتے ہیں کہ جو لڑکی اپنی عمر درست بتاتی ہو اس سے محبت نہیں کرنی چاہیے کیونکہ وہ کسی کو کچھ بھی بتا سکتی ہے۔ سلمان غنی صاحب کو خبر کا اتنا کریز ہے کہ لڑکیاں بھی صرف انہیں ہی خبر بتانے کا رسک لیتی ہیں۔ کیونکہ سلمان غنی صاحب اتنے دبنگ ہیں کہ غلط کام نہیں کر سکتے۔ حکمرانوں سے ان کے قریبی تعلقات رہے مگر کسی کو انہیں کرپٹ کرنے کی جرات نہیں ہوئی۔ کیونکہ سب کو یقین تھا کہ حکمرانوں کی عزت بھی ان کے اپنے ہاتھوں میں ہے اور سلمان غنی صاحب کو ایسی کوئی آفر ان کی عزت کے لئے خطرہ بن سکتی ہے۔ سچی بات ہے کہ اس معاملے میں وہ ہمارے استاد وارث میر مرحوم کی طرح ہیں جنہیں ایک وائس چانسلر نے کہا تھا کہ میر صاحب آپ میں چغلی کرنے کی صلاحیت ہی نہیں ہے، تو کرنے کی کوشش کیوں کرتے ہیں۔ آپ بات اپنے گھر کے لان میں کر رہے ہوتے ہیں اور سنائی وہ وائس چانسلر ہاؤس میں دے رہی ہوتی ہے۔ سلمان صاحب خبر دیتے ہیں اور پوری دیانت داری سے دیتے ہیں۔ وہ اب ٹی وی پر تجزیئے کرتے ہیں مگر ان کے تجزیوں میں بھی خبریں ہوتی ہیں۔ اوکاڑا کا وینس چوک ان کے صحافتی لاشعور کا حصہ بن چکا ہے۔

پنجاب میں ایک گورنر بھی ہوتا ہے۔ گورنر عام طور پر اچھی باتیں کرنے کے لئے ہوتا ہے۔ مگر پنجاب کے موجودہ گورنر بلیغ الرحمٰن اچھے کام کرنے سے بھی پرہیز نہیں کرتے ہیں۔ انہوں نے حسن کارکردگی پر سلمان غنی صاحب کو رپورٹر ایوارڈ دیا تو کچھ حیرانی سی ہوئی۔ کیونکہ اس سے پہلے سلمان غنی صاحب بہت سے سرکاری عہدے قبول کرنے سے انکار کر چکے ہیں۔ مگر جناب بلیغ الرحمٰن نے نجانے انہیں کیسے قائل کر لیا کہ یہ ایوارڈ صرف اور صرف عزت کے لئے ہے اور کوئی عزت دے تو اسے قبول کر لینا چاہیے۔ سلمان غنی صاحب کے حسن کارکردگی کے ایوارڈ کے بعد خبر آئی ہے کہ وفاقی حکومت انہیں صدارتی ایوارڈ بھی دے رہی ہے۔ ہم اس پر انہیں مبارکباد دیتے ہیں۔

استعفی اور نوکری

استعفی اور نوکری۔۔۔ یہ دو متضاد باتیں ہیں، جس میں دکھ اور خوشی، ماتم اور جشن کی کیفیات ہوتی ہیں، گویا کہیں پر کوئی نوکری ملنے پر خوش ہوتا ہے اور کہیں پر نوکری جانے کا دکھ ہوتا ہے۔ ہمارے ہاں چونکہ نوکری آسانی سے نہیں ملتی، اس لئے نوکری جانے کا دکھ بہت ہوتا ہے۔

کچھ لوگ خود نوکری چھوڑتے ہیں جب کہ کچھ لوگوں کے لئے حالات ہی ایسے بنا دیے جاتے ہیں کہ ان کو نوکری سے ہاتھ دھونا پڑتا ہے۔ شاید اس کی وجہ یہ ہے کہ کیریئر میں ترقی کے مزید امکانات نہیں ہوتے یا ہم کام کے ماحول سے مزید مطمئن نہیں ہیں، بعض اوقات وجہ ہماری صحت کی حالت یا

میاں غلام مرتضی

خاندان اور پیاروں کے لئے تشویش بھی ہو سکتی ہے۔ وجہ کچھ بھی ہو، نوکری چھوڑنا آسان نہیں ہے اور اس کے لئے کافی تیاری کی ضرورت ہوتی ہے، جو لوگ خود استعفی دے کر چلے جاتے ہیں ان کو کمزور سمجھا جاتا ہے اور جو لوگ کام کی جگہ پر دباؤ کے باوجود ڈٹے رہتے ہیں وہ ادارے کے دیگر لوگوں کے لئے مثال بنتے ہیں، ان کی جرات، عظمت اور جوانمردی کو سیلوٹ کیا جاتا ہے۔

جس جگہ پر ماحول آپ کے موافق نہ ہو وہاں پر بے چارے ملازم کو نوکری ملنے کے باوجود برداشت جواب دینے کے بعد نوکری سے ہاتھ دھونا ہی پڑتا ہے، کسی بھی ادارے کی کامیابی کے لئے ایک مضبوط اور معاون انتظامی ٹیم بہت ضروری ہوتی ہے۔ کام کرنے کا غیر صحت مند ماحول ان بنیادی وجوہات میں سے ایک ہے جس کی وجہ سے ملازمین کو تھکاوٹ محسوس ہوتی ہے اور انہیں ملازمت چھوڑنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ غیر صحت مند کام کے ماحول میں زہریلے کام کی ثقافت، ساتھیوں یا انتظامیہ کے ساتھ زہریلے تعلقات یا دیگر منفی عوامل شامل ہو سکتے ہیں جو تناؤ، تکلیف اور اضطراب پیدا کرتے ہیں۔ یہ ملازمین کی ذہنی اور جسمانی صحت کو بھی متاثر کرتے ہیں۔ اگر ملازمین اپنے کام کے بارے میں پر جوش نہ ہوں تو ان کی کارکردگی متاثر ہو سکتی ہے۔ اس لئے کہ وہ ایسے ماحول میں مسئلے کا حل تلاش نہیں کر سکتے اور نہ ہی بہتری لا سکتے ہیں۔ کام کی جگہ پر ذہنی صحت کے پیش نظر نوکری چھوڑنا ایک اچھا انتخاب ہو سکتا ہے، جب کوئی کمپنی تنظیم نو کرتی ہے تو اس سے کمپنی کے چلانے کے طریقے اور وسائل کی دوبارہ تقسیم میں تبدیلیاں آ سکتی ہیں، بعض اوقات ملازمین کی تعداد میں کمی یا موجودہ ملازمت کے عہدوں میں تبدیلی بھی شامل ہوتی ہے۔ یہ تبدیلیاں دباؤ اور عدم استحکام کا سبب بن سکتی ہیں اور ملازمین کے لئے مسائل کی سنگینی پیدا کر سکتی ہیں جیسے کہ ان کی ملازمت کھونا یا کسی نئی پوزیشن پر جانا جو ان کی مہارتوں اور دلچسپیوں سے میل نہ کھاتا ہو۔

دفتری و پیشہ ورانہ معاملات کے برعکس سیاست میں استعفے یا تو سیاسی دباؤ ڈالنے کے لئے دیئے جاتے ہیں یا پھر کسی دباؤ کے نتیجے میں زبردستی لئے جاتے ہیں، مثلاً رچرڈ نکسن نے امریکہ کے صدارتی عہدے سے اگست 1974 میں واٹر گیٹ سکینڈل کے بعد استعفا دے دیا تھا کیونکہ انہیں یقین تھا کہ کسی بھی وقت انہیں ریاست ہائے متحدہ کی کانگریس کی جانب سے تحریک مواخذہ میں عہدے سے ہٹا دیا جائے گا۔ سیاست میں استعفا ایک سیاسی حربے کے طور پر بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ بظاہر استعفی شخصی فیصلہ ہوا کرتا ہے، لیکن کئی سیاسی معاملوں میں بیرونی دباؤ کا نتیجہ بھی ہوتا ہے۔ اس طرح اگر ادارے سے جبری استعفی دیا جائے تو شائد ایک وقت ایسا آئے کہ محنتی ورکر سے ہاتھ دھونے کی وجہ سے ادارے کی کارکردگی اتنی متاثر ہو کہ استعفی لینے والا یہ سوچنے پر مجبور ہو جائے کہ لینے کے دینے پڑ گئے اور پھر یہ سوچ آ جائے کہ بھئی اسی بندے کو دوبارہ ملازمت پر بحال ہی کر لیا جائے تو معاملات سدھر سکتے ہیں۔

یہ بھی حقیقت ہے کہ اگر آپ پرانی نوکری چھوڑ کر کسی نئی بہتر نوکری کی طرف نہیں جا رہے ہوتے ہیں، تو لگی لگائی نوکری چھوڑنا انتہائی مشکل ہو جاتا ہے۔ کچھ لوگوں کو تو نوکری چھوڑنا ناکامی کا احساس بھی دلاتا ہے۔ استعفے کی بات کریں تو 2010 میں ایک دلچسپ واقعہ رونما ہوا جو میڈیا کی زینت بھی بنا۔ 2010 میں جیٹ بلیو طیارہ کے سٹیورڈ سٹیون سلیٹر نے دوران پرواز مسافروں کی کسی بات سے ناراض ہو کر جہاز کے انٹرکام سسٹم کو استعمال کرتے ہوئے اپنے استعفے کا اعلان کر دیا، معاملہ یہیں تک محدود رہتا تو شاید فضائی کمپنی کی طرف سے اسے نظر انداز کر دیا جاتا لیکن سٹیون سلیٹر نے طیارے کے ایئرپورٹ پر لینڈ ہو جانے کے بعد باہر نکلنے کے لئے جہاز کا عام رستہ استعمال کرنے کے بجائے طیارے کا ایمرجنسی ایگزٹ گیٹ کھول دیا جس سے جہاز کے مسافروں میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ سٹیون سلیٹر کے اپنی ملازمت سے مستعفی ہونے کے اس طریقہ نے فضائی کمپنی کی ساکھ کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا۔ بعض اوقات ملازمت چھوڑنے کی وجہ مکمل طور پر انتخاب سے نہیں ہوتی، بلکہ کسی فرد کے قابو سے باہر حالات کی وجہ بھی ہو سکتی ہے۔ ایسا ہی ایک استعفی ایک کمپنی میں برطرفی سے تعلق رکھتا ہے۔ استعفی جس بھی وجہ سے دیا گیا ہو ذہنی دباؤ کا باعث بنتا ہے لہذا استعفی کلچر کو مثبت کلچر بنائیں جو کھلے مواصلات، تعاون اور باہمی احترام کو اہمیت دیتا ہے۔ ملازمین کو مواقع فراہم کریں۔ نئی مہارتیں سیکھنے، تربیتی پروگراموں میں شرکت کرنے اور اپنے کردار میں نئے چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے لئے ملازمین پر دباؤ ڈال کر لیا گیا استعفی ادارے اور شخصیت دونوں کے لئے ہی نقصان دہ ہوتا ہے۔

جس جگہ پر ماحول آپ کے موافق نہ ہو وہاں پر بے چارے ملازم کو نوکری ملنے کے باوجود برداشت جواب دینے کے بعد نوکری سے ہاتھ دھونا ہی پڑتا ہے، کسی بھی ادارے کی کامیابی کے لئے ایک مضبوط اور معاون انتظامی ٹیم بہت ضروری ہوتی ہے۔ کام کرنے کا غیر صحت مند ماحول ان بنیادی وجوہات میں سے ایک ہے جس کی وجہ سے ملازمین کو تھکاوٹ محسوس ہوتی ہے اور انہیں ملازمت چھوڑنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ غیر صحت مند کام کے ماحول میں زہریلے کام کی ثقافت، ساتھیوں یا انتظامیہ کے ساتھ زہریلے تعلقات یا دیگر منفی عوامل شامل ہو سکتے ہیں جو تناؤ، تکلیف اور اضطراب پیدا کرتے ہیں۔ یہ ملازمین کی ذہنی اور جسمانی صحت کو بھی متاثر کرتے ہیں۔ اگر ملازمین اپنے کام کے بارے میں پر جوش نہ ہوں تو ان کی کارکردگی متاثر ہو سکتی ہے۔ اس لئے کہ وہ ایسے ماحول میں مسئلے کا حل تلاش نہیں کر سکتے اور نہ ہی بہتری لا سکتے ہیں۔ کام کی جگہ پر ذہنی صحت کے پیش نظر نوکری چھوڑنا ایک اچھا انتخاب ہو سکتا ہے، جب کوئی کمپنی تنظیم نو کرتی ہے تو اس سے کمپنی کے چلانے کے طریقے اور وسائل کی دوبارہ تقسیم میں تبدیلیاں آ سکتی ہیں، بعض اوقات ملازمین کی تعداد میں کمی یا موجودہ ملازمت کے عہدوں میں تبدیلی بھی شامل ہوتی ہے۔ یہ تبدیلیاں دباؤ اور عدم استحکام کا سبب بن سکتی ہیں اور ملازمین کے لئے مسائل کی سنگینی پیدا کر سکتی ہیں جیسے کہ ان کی ملازمت کھونا یا کسی نئی پوزیشن پر جانا جو ان کی مہارتوں اور دلچسپیوں سے میل نہ کھاتا ہو۔ دفتری و پیشہ ورانہ معاملات کے برعکس سیاست میں استعفے یا تو سیاسی دباؤ ڈالنے کے لئے دیئے جاتے ہیں۔

شکست دینے کا بہترین موقع!

سیاستدان یا لیڈر کو بندوق سے مارا جا سکتا ہے نہ جیل کی سلاخوں کے پیچھے اسے ڈرایا جا سکتا ہے۔ کیونکہ لیڈر کو جسمانی طور پر مار کر بھی مارا نہیں جا سکتا کیونکہ اس کا نظریہ اور اس کی سوچ عوام پر حاوی ہوتے ہیں۔ ویسے اس دور میں دنیا کے اندر لیڈر بہت کم ہیں۔ جبکہ ہمارا ملک تو اس معاملے میں بانجھ ہے۔ اس ملک میں تو ابھی تک بانی پاکستان قائداعظم کے کھوٹے سکے ہی چل رہے ہیں۔ لیکن

مختار چودھری

پھر بھی جسے عوام کی حمایت حاصل ہوتی ہے ہم اسے لیڈر ہی کہتے ہیں۔ اس وقت پاکستان میں عمران خان سب سے مقبول لیڈر ہے۔ جبکہ لیڈر بنانے والوں کے لیے اب وہ قبول نہیں ہے۔ اسی لیے اس پر مقدمات کی ڈبل سنچری کر دی گئی ہے اور ایک مقدمہ میں تین برس کی سزا سنا کر اٹک جیل کی بیرک 3 کے ایک سیل کے قیدی نمبر 804 ہیں۔ میری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ 76 سالہ تجربات کے بعد بھی آپ یہ بات کیوں نہیں سمجھ سکے کہ کسی سیاستدان کو طاقت سے مارا جا سکتا ہے نہ روکا جا سکتا ہے۔ سیاستدان کی جان ووٹ یا عوامی حمایت میں ہوتی ہے۔ جب تک عوام اس کے سحر میں مبتلا رہتے ہیں اس وقت تک وہ کمزور نہیں ہو سکتا وقتی طور پر دبایا جا سکتا ہے ہمیشہ کے لیے نہیں، ملک کا نظام بنانا بھی سیاستدانوں کا کام ہے۔ اور یہ بات سب کو جان لینی چاہیے کہ اس ملک کا نظام درست کیے بغیر ترقی ممکن ہے نہ استحکام، اب یہ بات سب جان چکے ہیں کہ یہاں تمام فیصلے طاقت کے زور پر ہوتے ہیں عوام کا صرف نام استعمال ہوتا ہے۔ ہر حکمران اور حکمران بنانے والے اٹھتے بیٹھتے یہی کہتے ہیں کہ عوام ہمارے ساتھ ہیں اور ہم سب کچھ عوام کے مفاد میں کر رہے ہیں۔ لیکن پاکستان کی تاریخ میں عوامی فیصلوں کو کبھی قبولیت ملی نہ ان کی مرضی سے کوئی حکومت بنی ہے۔ کسی لیڈر کو جتنی بھی عوامی مقبولیت حاصل ہو جائے وہ قبولیت کی چھلنی سے گزرے بغیر اقتدار کے سنگھاسن تک نہیں پہنچ سکتا ہماری اسٹیبلشمنٹ اتنی زیادہ طاقتور ہے۔ کہ اب حالات اس نہج پر پہنچ چکے ہیں کہ پاکستان کے عوام اس ملک کے ساتھ بار بار تجربات کرنے والوں سے عاجز آ چکے ہیں اور یہ ملکی سلامتی کے لیے بڑا خطرہ ہے۔ یہ خاکسار اس موضوع پر پہلے پورا کالم لکھ چکا ہے کہ ایک مضبوط فوج اور عوام کا ریاست پر اعتماد ہی ملکی سلامتی کی ضمانت ہوتے ہیں۔ جب عوام اپنی ہی فوج کے خلاف ہو کر فوج کو کمزور کرنے لگ جائیں تو پھر بیرونی دشمن سے مقابلہ کرنا ممکن ہی نہیں رہتا ہے۔ تحریک انصاف کے بیشتر راہنماؤں کو پارٹی چھوڑنے پر مجبور کر دیا گیا ہے۔ اور جو ابھی تک تحریک انصاف کو چھوڑنے اور عمران خان کے خلاف بولنے پر آمادہ نہیں ہوئے وہ روپوش ہیں یا انہیں جیلوں میں بند رکھا ہوا ہے۔

وفاق اور دو صوبوں میں ابھی ابھی نگران حکومتوں نے حلف اٹھایا ہے۔ لیکن یہ افواہیں گردش کر رہی ہیں کہ نگران حکومت فوری طور پر انتخابات کروانے کی بجائے کچھ عرصہ ملکی نظام چلائے گی۔ کیونکہ نئی مردم شماری کے بعد الیکشن کمیشن نئی حلقہ بندیوں کے بعد ہی انتخابات منعقد کر سکتا ہے۔ جہاں تک آئین کی بات ہے اس کی اس ملک میں کوئی حیثیت نہیں ہے۔ اس لیے کہا جا سکتا ہے کہ نئی مردم شماری کو بہانہ بنا کر انتخابات کو التوا میں رکھنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ کیا یہ سب ملکی مفاد میں کیا جا رہا ہے؟ اگر کسی کو ملک کا خیال آ گیا ہے تو پھر یہی وقت ہے کہ جو کرنا ہے کر گزرو، اگر عمران خان کا سحر توڑنا ہے تو بھی یہی وقت ہے کہ نگران حکومت عوام کے مسائل حل کرے، ملک کی تباہ حال معیشت کو درست سمت دیکر مہنگائی سے کراہتے عوام کی دادرسی کی جائے۔

شوبز SHOWBIZ

کنگنا رناوت کی نئی فلم 'چندر مکھی '2 کا پوسٹر جاری

ہارر کامیڈی چندرمکھی 2 19 ستمبر کو پوری دنیا میں ریلیز کیلئے پیش کی جائے گی

ممبئی (شوبز نیوز) بالی وڈ کی نامور اداکارہ کنگنا رناوت کی نئی فلم چندرمکھی 2 میں اداکارہ کے کردار کی پہلی جھلک جاری کردی گئی۔ انسٹاگرام پر آفیشل طور پر جاری کیے گئے پوسٹر میں اداکارہ نے بھاری زیورات اور عمدہ ساڑھی پہنی ہوئی ہے اور وہ کیمرے کی طرف دلفریب انداز میں دیکھ رہی ہیں۔ چندرمکھی 2 کا پوسٹر ریلیز ہوتے ہی سوشل میڈیا پر وائرل ہوگیا اور مداح کنگنا رناوت کے پرکشش کردار کو بہت پسند کررہے ہیں۔ فلم کو مشہور فلمساز پی واسو بنارہے ہیں اور یہ 2005 کی ہارر کامیڈی بلاک بسٹر چندرمکھی کا سیکوئیل ہے۔

اداکارہ نادرہ کو دنیا چھوڑے 28 برس گزر گئے

فلمی دنیا کا چمکتا دمکتا ستارہ اداکارہ نادرہ 22 نومبر 1968 کو لاہور میں پیدا ہوئیں

لاہور (شوبز نیوز) لاکھوں دلوں پر راج کرنے والی اداکارہ نادرہ کو دنیا چھوڑے 28 برس گزر گئے۔ فلمی دنیا کا چمکتا دمکتا ستارہ اداکارہ نادرہ 22 نومبر 1968 کو لاہور میں پیدا ہوئیں، ان کی سب سے پہلی فلم آخری جنگ تھی، مگر نشان پہلے ریلیز ہوگئی، اس لئے ریکارڈ میں ان کی پہلی فلم نشان آ گئی، انہوں نے بہت ہی مختصر عرصہ میں پاکستانی فلمی صنعت میں اپنے قدم جمائے، ان کا رقص کرنے کا انداز اور حسن کا جادو سر چڑھ کر بولتا تھا۔ نادرہ نے سلطان راہی، غلام محی الدین اور اسماعیل شاہ کے ساتھ عمدہ اداکاری کا مظاہرہ کیا۔

'غدر '2 کے ریلیز کے قبل 45 ہزار ٹکٹس فروخت، ریکارڈ بزنس کا امکان

غدر2 کے اوپننگ ڈے کیلئے ٹکٹوں کی تعداد 50 ہزار سے تجاوز کر جائے گی

ممبئی (شوبز نیوز) بالی وڈ کے ایکشن ہیرو سنی دیول اور امیشا پٹیل اپنی نئی فلم غدر2 کے ساتھ انڈین باکس آفس پر نئے ریکارڈ قائم کرنے جا رہے ہیں۔ فلم کے ٹکٹوں کی ایڈوانس بکنگ رواں ہفتے کے آغاز میں ہوئی تھی اور اب تازہ اطلاعات کے مطابق صرف پہلے دن کیلئے پورے ملک میں اب تک 45 ہزار سے زائد ٹکٹس فروخت ہو چکے ہیں۔ بھارتی میڈیا نے دعویٰ کیا ہے کہ غدر2 کے اوپننگ ڈے کیلئے ٹکٹوں کی تعداد 50 ہزار سے تجاوز کر جائے گی جبکہ مجموعی طور پر یہ تعداد دو لاکھ تک پہنچ چکی ہے۔ ذرائع کے مطابق اس سے قبل شاہ رخ خان کی پٹھان کو اتنی مقبولیت حاصل ہوئی تھی اور اگر سنی دیول کی ایکشن فلم کی ٹکٹوں کی فروخت کا یہ سلسلہ اسی طرح برقرار رہا تو وہ پہلے دن میں 30 کروڑ کا بزنس کر کے ریکارڈ بھی قائم کرسکتی ہے۔ غدر2 میں سنی دیول، امیشا پٹیل اور انکرش شرمانے مرکزی کردار ادا کیے ہیں اور اسے انڈین باکس آفس میں 11 اگست کو ریلیز کیا جائے گا۔ کہ غدر2 کے اوپننگ ڈے کیلئے ٹکٹوں کی تعداد 50 ہزار سے تجاوز کر جائے گی جبکہ مجموعی طور پر یہ تعداد دو لاکھ تک پہنچ چکی ہے۔ ذرائع کے مطابق اس سے قبل شاہ رخ خان کی پٹھان کو اتنی مقبولیت حاصل ہوئی تھی اور اگر سنی دیول کی ایکشن فلم کی ٹکٹوں کی فروخت کا یہ سلسلہ اسی طرح برقرار رہا تو وہ پہلے دن میں 30 کروڑ کا بزنس کر کے ریکارڈ بھی قائم کرسکتی



ہے۔ غدر2 میں سنی دیول، امیشا پٹیل اور انکرش شرما نے مرکزی کردار ادا کیے ہیں۔

میں نے اداکاری روتے، روتے اور ڈانٹ کھاتے سیکھی، انمول بلوچ

میں نے فیس بک پر آئی ڈی بنائی اور اس پر ایکٹر کا عنوان دے کر کچھ سیلفیز لگا دیں، اداکارہ

لاہور (شوبز نیوز) اداکارہ انمول بلوچ نے کہا ہے کہ میں واش روم میں جا کر روتی تھی، کہتی تھی کہ مجھے یہ کام نہیں کرنا لیکن اگلے دن خود ہی تیار ہو کر شوٹ پر چلی جاتی تھی کہ آج ڈانٹ نہیں پڑے گی، ایسے کرتے کرتے میں آخر سیکھ گئی۔ اپنے ایک انٹریو میں انمول بلوچ نے بتایا کہ میں نے اداکاری کی کوئی تربیت حاصل نہیں کی، نہ کبھی سکول یا کالج کے ڈرامے میں شریک ہوئی لیکن مجھے اداکاری کا شوق تھا۔ اداکارہ نے بتایا کہ میں نے فیس بک پر آئی ڈی بنائی اور اس پر ایکٹر کا عنوان دے کر کچھ سیلفیز لگا دیں لیکن اس وقت تک میرے پاس کوئی کام نہیں تھا، ڈائریکٹر محسن مرزا نے مجھے کال کی اور کہا کہ میرا ایک پراجیکٹ چل رہا ہے، اس میں ایک کردار ہے اور مجھے ایسا لگتا ہے کہ وہ آپ کر سکتی ہیں۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ میں نے سوچا پتا نہیں کون ہیں، مذاق کر رہے ہیں، میں نے پھر ان کی پروفائل دیکھی، انہوں نے کافی اچھے اچھے پراجیکٹس کیے ہوئے تھے۔

امریکی اداکار مارک مارگولیس 83 سال کی عمر میں چل بسے

نیویارک (شوبز نیوز) امریکی اداکار مارک مارگولیس 83 سال کی عمر میں چل بسے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق اداکار کی موت نیویارک کے ہسپتال میں ہوئی جہاں انہیں بیماری کے باعث داخل کیا گیا تھا۔ رپورٹس کے مطابق مارک مارگولیس کچھ دنوں سے بیمار تھے اور ان کا ہسپتال میں علاج جاری تھا اور یہیں جمعرات کو انہوں نے آخری سانسیں لیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق مارک مارگولیس کی اہلیہ اور ان کا بیٹا اسپتال میں ان کے ساتھ موجود تھے۔

ملک چھوڑ کر جانے والے لوگوں کو ناکام سمجھتی ہیں، اداکارہ میرا

شاہ رخ خان کی فلم جب تک ہے جان کترینہ سے پہلے مجھے آفر ہوئی تھی، اداکارہ

لاہور (شوبز نیوز) پاکستانی فلم انڈسٹری کی معروف اداکارہ میرا نے کہا ہے کہ میں ملک چھوڑ کر جانے والے لوگوں کو ناکام سمجھتی ہوں۔ ایک انٹرویو میں میزبان نے اداکارہ میرا سے سوال کیا کہ پاکستان کو مشکل حالات سے نکالنے کیلئے وہ کیا کریں گی؟، جس کے جواب میں میرا نے کہا کہ ملک کے حالات بہتر کرنا بہت آسان ہے، مگر ملک چھوڑنا اس کا حل نہیں ہے۔ انہوں نے بات جاری رکھتے ہوئے کہا کہ اگر یہی حل ہوتا ہے تو میں پہلے ہی ملک چھوڑ چکی ہوتی کیونکہ میرے پاس امریکہ کی شہریت بھی ہے۔ بالی ووڈ میں فلموں کے حوالے سے بات کرتے ہوئے میرا نے انکشاف کیا کہ شاہ رخ خان کی فلم جب تک ہے جان کترینہ سے پہلے مجھے آفر ہوئی تھی تاہم لندن کا ویزا نہیں ملا اس لیے میں فلم نہ کر سکی۔ ملک کے حالات بہتر کرنا بہت آسان ہے، مگر ملک چھوڑنا اس کا حل نہیں ہے۔ انہوں نے بات جاری رکھتے ہوئے کہا کہ اگر یہی حل ہوتا ہے تو میں پہلے ہی ملک چھوڑ چکی ہوتی کیونکہ میرے پاس امریکہ کی شہریت بھی ہے۔ بالی ووڈ میں فلموں کے حوالے سے بات کرتے ہوئے۔

بڑے پردے کی بڑی اداکارہ شمیم آرا کو مداحوں سے بچھڑے 7 برس بیت گئے

196 میں دلہن، اِک تیرا سہارا، غزالہ، کالا پانی، سازش اور تانگے والا جیسی فلموں نے دھوم مچادی

لاہور (شوبز نیوز) بڑے پردے کی بڑی اداکارہ اور کامیاب ہدایت کارہ شمیم آرا کو مداحوں سے بچھڑے 7 برس بیت گئے۔ اداکارہ شمیم آرا 22 مارچ 1938 کو بھارتی شہر علی گڑھ میں پیدا ہوئیں، تقسیم ہند کے بعد کراچی میں سکونت اختیار کرلی۔ شمیم آرا نے نجم نقوی کی فلم کنواری بیوہ سے اداکاری کا سفر شروع کیا، جس میں انہیں خاص کامیابی تو نہیں ملی لیکن فلم بینوں کو ان کا معصومانہ انداز بیاں بہت پسند آیا، تاہم 1960 میں فلم سہیلی نے ان کا نصیب کھول دیا۔ 1962 میں فلم قیدی میں فیض کی غزل مجھ سے پہلی سی محبت میرے محبوب نہ مانگ شمیم آرا پر فلمائی گئی، یہ فلم سپرہٹ رہی اور اداکارہ کو شہرت کی بلندیوں پر پہنچا دیا، اسی سال ان کی فلمیں آنچل، محبوب، میرا کیا قصور اور انقلاب بھی کامیاب ٹھہریں۔

سپورٹس SPORTS

بابر کا پہلی پوزیشن پر قبضہ برقرار، حارث، امام کی ترقی

بیٹرز کی فہرست میں بابر کے بعد جنوبی افریقا کے ریسی وین ڈر ڈوسن کا دوسرا نمبر ہے

لاہور (سپورٹس نیوز) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے ون ڈے رینکنگ جاری کردی جس میں قومی ٹیم کے کپتان بابر اعظم کی پہلی پوزیشن برقرار ہے۔ آئی سی سی رینکنگ کے مطابق بیٹرز کی فہرست میں بابر کے بعد جنوبی افریقا کے ریسی وین ڈر ڈوسن کا دوسرا نمبر ہے جبکہ پاکستان کے امام الحق ایک درجے ترقی کے بعد تیسرے نمبر پر آگئے ہیں۔ ون ڈے بیٹرز کی رینکنگ میں بھارت کے شبمن گل ایک درجے ترقی کے بعد چوتھے نمبر پر آگئے ہیں جبکہ پاکستان کے فخر زمان کی دو درجے تنزلی ہوئی اور وہ پانچویں نمبر پر ہیں۔ ون ڈے بولرز میں آسٹریلیا کے جوش ہیزل ووڈ کا پہلا نمبر برقرار ہے۔

جشن آزادی پی سی بی میچ کی آرگنائزنگ کمیٹی کا اجلاس "آج" ہوگا

اسلام آباد (یواین پی) جشن آزادی پی سی پی میچ کی آرگنائزنگ کمیٹی کا اجلاس (آج) جمعرات کو ہوگا۔ جس کی صدارت فزیکلی چیلنج کرکٹ آف پاکستان کے صدر راجہ عمران حسین کریں گے۔ اجلاس میں میچ کے انتظامات کا جائزہ لیا جائے گا اور انتظامات کو آخری شکل دی جائے گی۔ جشن آزادی پی سی پی الیون اور ٹی فلم اینڈ انگرز الیون کی ٹیموں کے درمیان نمائشی کرکٹ میچ 26 اگست کو شالیمار کرکٹ گراؤنڈ اسلام آباد میں کھیلا جائے گا۔ جشن آزادی پی سی پی میچ کی آرگنائزنگ کمیٹی کا اجلاس (آج) جمعرات کو ہوگا۔ جس کی صدارت فزیکلی چیلنج کرکٹ آف پاکستان کے صدر راجہ عمران حسین کریں گے۔ اجلاس میں میچ کے انتظامات کا جائزہ لیا جائے گا اور انتظامات کو آخری شکل دی جائے گی۔ جشن آزادی پی سی پی الیون اور ٹی فلم اینڈ انگرز الیون کی ٹیموں کے درمیان نمائشی کرکٹ میچ 26 اگست کو شالیمار کرکٹ گراؤنڈ اسلام آباد میں کھیلا جائے گا۔

نیپال کی ٹیم ایشیاء کپ 2023ء میں شرکت کیلئے کراچی پہنچ گئی

مہمان ٹیم اپنا پہلا میچ 30 اگست کو پاکستان کے خلاف ملتان میں کھیلے گی

کراچی (یواین پی) نیپال کی کرکٹ ٹیم ایشیا کپ 2023ء مہم سے قبل کراچی پہنچ گئی ہے جو 30 اگست کو ملتان میں پاکستان کے خلاف شروع ہوگا۔ مہمان ٹیم کو کراچی ایئرپورٹ پر اترنے کے بعد سخت سیکیورٹی میں مقامی ہوٹل لے جایا گیا ہے۔ نیپالی ٹیم کل سے نیشنل بنک سٹیڈیم میں ٹریننگ کرے گی، وہ 27 اگست کو ملتان روانگی سے قبل پریکٹس میچ بھی کھیلیں گے۔ نیپال اس سال اپنا پہلا ایشیا کپ کھیلے گا۔ انہیں پاکستان اور بھارت کے ساتھ گروپ اے میں رکھا گیا ہے۔ ایشین انڈر ڈاگز 4 ستمبر کو سری لنکا میں بھارت کے خلاف کھیلیں گے۔ ایشیا کپ 30 اگست سے 17 ستمبر تک پاکستان اور سری لنکا میں کھیلا جائے گا۔ بھارت نے سیاسی بنیادوں پر پاکستان کا دورہ کرنے سے انکار کر دیا جس کے بعد میزبان پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے ہائبرڈ ماڈل تجویز کیا۔ چند ماہ کی تاخیر کے بعد ایشین کرکٹ کونسل (اے سی سی) نے ہائبرڈ ماڈل کو قبول کرتے ہوئے ایشیا ایونٹ کے شیڈول کا اعلان کیا جو پانچ سال بعد اپنے اصل 50 اوور کے فارمیٹ میں واپس آ رہا ہے۔ ایشین انڈر ڈاگز 4 ستمبر کو سری لنکا میں بھارت کے خلاف کھیلیں گے۔ ایشیا کپ 30 اگست سے 17 ستمبر تک پاکستان اور سری لنکا میں کھیلا جائے گا۔ بھارت نے سیاسی بنیادوں پر پاکستان کا دورہ کرنے سے انکار کر دیا جس کے بعد میزبان پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے ہائبرڈ ماڈل تجویز کیا۔

نسیم شاہ نے اپنی بیٹنگ میں بہتری کا کریڈٹ افغان باؤلرز کو دیدیا

142 رنز سے جیت کر تین میچوں کی سیریز میں 1-0 کی برتری حاصل کرلی ہے

ہمبنٹوٹا (یواین پی) پاکستان کے فاسٹ باؤلر نسیم شاہ نے منگل کو ہمبنٹوٹا میں پہلے ون ڈے میں افغانستان کے باؤلرز کی بہتر بلے بازی کا سہرا مزاحیہ انداز میں دیا۔ محمد حارث کے ساتھ پی سی بی کی ایک حالیہ ویڈیو گفتگو کے دوران، جب ان کی بہتر بلے بازی کی وجہ پوچھی گئی تو نسیم شاہ نے اپنی بہتر بلے بازی کی مہارت کی وجہ افغانستان کے باؤلرز کو قرار دیدیا۔ نسیم نے مزاحیہ انداز میں جواب دیا کہ " کریڈٹ ان کے]افغانستان[کے باؤلرز کو جاتا ہے"، یہ سن کر شاہین اور حارث کی ہنسی نکل گئی۔ نسیم شاہ نے مزید کہا کہ "دیکھو، ٹیم کو اس کی ضرورت تھی، اور ہم کوششیں کر رہے ہیں۔ ہم بیٹنگ کے تمام پہلوؤں پر پریکٹس کرتے ہیں، اس لیے جب ٹیم کو ضرورت ہوتی ہے اور ہم نے کچھ رنز بنائے آخر میں، اس سے ٹیم کو فائدہ ہوتا ہے کیونکہ ہمیں ایک کم ٹوٹل کا دفاع کرنا تھا۔

ذکا اشرف پیپلز پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹیو کمیٹی سے مستعفی

آئی پی سی منسٹری ذکا اشرف کی پیپلز پارٹی عہدوں سے سبکدوشی سے آگاہ تھی

لاہور (سپورٹس نیوز) چیئرمین پی سی بی مینجمنٹ کمیٹی ذکا اشرف پاکستان پیپلز پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹیو کمیٹی سے مستعفی ہوگئے۔ ذکا اشرف نے 19 جون 2023 کو پی پی کی رکنیت سے استعفی دیا تھا۔ یاد رہے کہ وزارت بین الصوبائی رابطہ کمیٹی نے گزشتہ روز ذکا اشرف کو عہدے سے ہٹانے کی سمری وزیراعظم آفس کو ارسال کی تھی۔ آئی پی سی منسٹری ذکا اشرف کی پیپلز پارٹی عہدوں سے سبکدوشی سے آگاہ تھی، سیاسی ذمہ داریوں سے سبکدوش ہونے کے بعد سابق وزیراعظم نے نامزدگی کی تھی۔

میں سرفراز کو حارث پر ون ڈے کرکٹ میں بطور بیک اپ وکٹ کیپر ترجیح دیتا: راشد لطیف

لاہور (یواین پی) راشد لطیف نے ایشیاء کپ کے لیے وکٹ کیپر محمد حارث کے انتخاب اور پاکستان کے سابق کپتان سرفراز احمد کو باہر کیے جانے پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ ویب سائٹ 'کرکٹ پاکستان' کے ساتھ ایک خصوصی انٹرویو میں راشد لطیف نے حارث کی صلاحیتوں کا اعتراف کیا لیکن ون ڈے فارمیٹ میں ان کی شمولیت کے وقت پر سوال اٹھایا۔ راشد لطیف کا کہنا تھا کہ "ہم ان تمام فیصلوں کا احترام کرتے ہیں جو کیے گئے ہیں، لیکن ہمیں رائے دینے سے کوئی نہیں روک سکتا۔ حارث ایک بہترین کھلاڑی ہیں جنہوں نے حال ہی میں ٹی ٹونٹی میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ مزید یہ کہ وہ ایک خطرناک پاور ہٹر کھلاڑی ہے، اس کا سٹرائیک ریٹ شاندار ہے لیکن مجھے یقین ہے کہ ان کا ون ڈے کیریئر ورلڈ کپ کے بعد شروع ہوگا، ممکن ہے کہ وہ ایشیا کپ میں بھی غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کریں، تاہم آج کی تاریخ میں سرفراز ایک تجربہ کار کھلاڑی ہیں، انہیں ٹیم میں منتخب ہونا چاہیے تھا۔ کسی کھلاڑی کو سائیڈ لائن کرنا اور نئے کے لیے راہ ہموار کرنا بہت آسان لگتا ہے"۔

فزیکلی چیلنج کرکٹ آف پاکستان الیون اور سلیبریٹیز الیون کی ٹیموں کے درمیان جشن آزادی نمائشی کرکٹ میچ 26 اگست کو کھیلا جائیگا

اسلام آباد (یواین پی) سپرنگ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام اور این کے ایسوسی ایٹ بلڈرز کے تعاون سے فزیکلی چیلنج کرکٹ آف پاکستان الیون اور سلیبریٹیز الیون کی ٹیموں کے درمیان جشن آزادی نمائشی کرکٹ میچ 26 اگست کو شالیمار کرکٹ گراؤنڈ اسلام آباد میں کھیلا جائیگا۔

تیسری چترال فٹ بال لیگ (سی ایف لیگ) 26 اگست سے شروع ہوگی

اسلام آباد (یواین پی) تیسری چترال فٹ بال لیگ (سی ایف ایل) 26 اگست سے چترال کے شہر دروش میں شروع ہوگی۔ پاکستان آرمی ٹائٹل کا دفاع کرے گی۔ گزشتہ روز چترال فٹ بال لیگ کے چیف آرگنائزر کمال عبدالجمیل نے بتایا کہ لیگ کی تیاریاں ابھی سے شروع کردی گئی ہیں۔ جس میں ملک بھر سے سولہ ٹیمیں شرکت کریں گی جن میں پاکستان آرمی، پاکستان پولیس، افغان ٹی وی، جانباز کلب ژوب، المعراج ٹائیگرز ہزارہ، پاک وطن کلب مردان اور لالک جان سٹارز یاسین کے علاوہ مقامی ٹیمیں بھی شامل ہیں۔

انٹر ڈیپارٹمنٹ باکسنگ چیمپئن شپ 28 اگست سے کراچی میں شروع ہوگی

چیمپئن شپ کی تیاریاں ابھی سے شروع کردی گئی ہیں

اسلام آباد (یواین پی) پاکستان باکسنگ فیڈریشن کے زیر اہتمام انٹر ڈیپارٹمنٹ باکسنگ چیمپئن شپ 28 اگست سے کراچی میں شروع ہو گی۔ پاکستان باکسنگ فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل کرنل ریٹائرڈ ناصر اعجاز تنگ نے بتایا کہ چیمپئن شپ کی تیاریاں ابھی سے شروع کردی گئی ہیں اور چیمپئن شپ میں ملک بھر سے نو ٹیمیں حصہ لیں گی جن میں پاکستان آرمی، پاکستان نیوی، پاکستان ایئر فورس، پاکستان واپڈا، پاکستان ریلوے، ہائر ایجوکیشن کمیشن، پی بی ایف ٹیم اور کراچی پورٹ ٹرسٹ شامل ہیں۔ ایونٹ میں مردوں کے تیرہ اور خواتین کی سات ویٹ کیٹگریز کے مقابلے رکھے گئے ہیں۔ مردوں کے ویٹ کیٹگریز میں منفی 48 کلوگرام، منفی 51 کلوگرام، 54 کلوگرام، 57 کلوگرام، 60 کلوگرام، 63.5 کلوگرام، 67 کلوگرام، 71 کلوگرام، 75 کلوگرام، 80 کلوگرام، 86 کلوگرام، 92 کلوگرام اور پلس 92 کلوگرام شامل ہیں۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس

24 اگست 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 24 اگست 2023، صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، اپر ٹوپہ، پتریاٹہ، ٹی ڈی سی پی، طفیل شہید، چراہ، فراش ٹاؤن، کرپہ فیڈرز، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک ، اسلام آباد سرکل، I-10/2، مارگلہ ٹاور فیڈر، راولپنڈی سٹی سرکل، شہید محمد دین فیڈر، راولپنڈی کینٹ سرکل، ماڈل ٹاؤن، سرور شہید، ہمک، کوہالہ، مورت، کہوٹہ سٹی۔ II، حنیف شہید، ابرار شہید، پنجار، خواجہ، نڑ فیڈرز، اٹک سرکل، ایچ ایم سی روڈ، ٹیکسلا، شیر شاہ سوری، پنڈ پران، ویلی، گلشن صحت، سنگجانی، شاہ اللہ دتہ، اے ڈبلیو ٹی۔ 4، ایم وی سی ایچ ایس، ایم پی سی ایچ ایس بی۔ 17، پسوال، سرائے خربوزہ، کامرہ رورل، مانسر، گوندل، حاجی شاہ، حمید، غور غشتی، بارہ زئی، مسکین آباد، شاہ دیر، ریڈیو پاک۔ 1، ریڈیو پاک۔ 2، لارن پور، قاضی آباد، جی بی ایچ پی کالونی فیڈرز، جہلم سرکل، چکیام، بھگوال، منگیالہ فیڈرز، چکوال سرکل، دولتالہ، ڈیرہ مسلم فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

اطلاع عام

سلسلہ ادریسیہ کے الحافظ الشیخ محمد امین بن عبدالرحمٰن محترم شیخ صاحب اس دنیا فانی سے تشریف لے گئے ان کا جنازہ آج 24 اگست 2023 کو نماز مغرب کے بعد ادا کیا جائے گا۔

بقیہ 1

کا فیصلہ نہیں ہوتا، توشہ خانہ کیس کے فیصلے کی اتنی جلدی کیا تھی؟ دوران سماعت چیئر مین پی ٹی آئی کی جانب سے وکیل لطیف کھوسہ نے عدالت کو بتایا کہ سپیکر نے چیئر مین پی ٹی آئی کے خلاف ریفرنس الیکشن کمیشن کو بھجوایا، قانون کے مطابق الیکشن کمیشن 120 دنوں میں ہی کارروائی کرسکتا ہے۔ جسٹس مظاہر علی اکبر نقوی نے استفسار کیا کہ کیا ایک ممبر دوسرے کے خلاف ریفرنس بھیج سکتا ہے؟ جس پر وکیل نے جواب دیا کہ کوئی ممبر ریفرنس نہیں بھیج سکتا، الیکشن کمیشن خود مقررہ وقت میں کارروائی کرسکتا ہے، جس پر عدالت نے کہا کہ آپ نے تو شکایت کی قانونی حیثیت کو چیلنج ہی نہیں کیا۔

بقیہ 2

ہوتے، اس کی ایک تاریخ ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے میں عدم اعتماد کا کلچر ایک دن میں نہ پیدا ہوا ہے نہ ختم ہوگا۔ بٹگرام کے چیئر لفٹ واقعہ کے حوالے سے بات کرتے ہوئے مرتضی سولنگی نے کہا کہ ہمارے جوانوں نے پیشہ وارانہ انداز میں بہادری سے بچوں کو ریسکیو کیا، مقامی لوگوں نے بھی بہادری کا مظاہرہ کیا اور بچوں کو ریسکیو کرلیا۔ ان کا مزید کہنا ہے کہ نگراں وزیراعظم کو مقامی نوجوانوں کی بہادری کا ادراک ہے، انوار الحق کاکڑ مقامی نوجوانوں کی خدمات کا اعتراف کریں گے۔

بقیہ 3

ڈپٹی کمشنرز کو ہدایات دیں کہ تمام کمرشل، ڈومیسٹک اور تفریحی مقامات کی چیئر لفٹس کی فوری چیکنگ کی جائے۔ صوبائی حکومت کی جانب سے کہا گیا ہے کہ دریاں اور ندی نالوں کے اوپر چلنے والی سفری چیئر لفٹس کی چیکنگ کی جائے، تمام لفٹس کے ڈیزائن، گنجائش اور ان میں حفاظتی اقدامات کا بھی معائنہ کیا جائے۔ خیبر پختونخوا حکومت کے مطابق چیئر لفٹس چلانے کے لیے ضلعی انتظامیہ سے این او سی لینا لازمی ہوگا۔ صوبائی حکومت نے تمام اضلاع کے ڈی سیز کو ہدایت کی ہے کہ چیئر لفٹس کے حوالے سے رپورٹ ایک ہفتہ کے اندر جمع کروادی جائے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز بٹگرام میں آلائی پاشتو کے علاقے میں کیبلز ٹوٹنے سے پھنسنے والی چیئر لفٹ سے لوگوں کو نکالنے کا سلسلہ اپنے اختتام کو پہنچ چکا ہے، دریا کے اوپر بلندی پر پھنسی ہوئی چیئر لفٹ میں طلبا سوار تھے جنہیں گھنٹوں کی مشقت کے بعد بچالیا گیا۔

بقیہ 4

کے خلاف دائر درخواست پر سماعت کے دوران چیف جسٹس پاکستان نے ریمارکس دیئے کہ توشہ خانہ کیس ٹرائل کورٹ کا حکم درست نہیں، اگر کوئی فیصلہ درست نہیں ہے تو ہم اس میں مداخلت کر سکتے ہیں۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال کا مزید کہنا تھا کل تک اسلام آباد ہائیکورٹ کے فیصلے کا انتظار کر لیتے ہیں، اس کے بعد کیس کی سماعت کریں گے۔ مسلم لیگ ن کی سینئر نائب صدر اور چیف آرگنائزر مریم نواز نے سوشل میڈیا پر جاری پیغام میں لکھا کہ چیف جسٹس کا چیئر مین پی ٹی آئی کی وکالت کرنا سابق وزیراعظم کو اچھا نہیں بنا سکتا۔ چیف آرگنائزر مسلم لیگ ن مریم نواز نے مزید لکھا کہ اس سے چیف جسٹس پاکستان کا امیج خراب ہوگا، بہت ہی شرمناک۔

بقیہ 5

کریں گے، خارجیوں کیلئے کھلا پیغام ہے ان میں لمبے عرصے تک لڑائی کی سکت نہیں، ہم نہ اپنے شہدا کی قربانی بھولیں گے نہ آئندہ قربانی سے گریز کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ دہشت گرد غلط سمجھ رہے ہیں ان کا واسطہ کس سے پڑا ہے، یہ گمراہ تھے، یہ گمراہ ہیں، معصوم جانیں لینا کسی طور جائز قرار نہیں دیا جاسکتا۔ نگراں وزیراعظم نے کہا کہ ہم کسی خیرات پر لڑائی نہیں لڑ رہے، ہمارے مجاہدوں کی جو گولیاں چل رہی ہیں وہ آپ کا پیسہ ہے، مسلح افواج کی قربانیوں کا صلہ ان کی عزت اور تکریم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمارا گھر ہے اسے اپنے انداز سے چلائیں گے۔ انوار الحق کاکڑ کا کہنا تھا کہ بٹگرام میں مقامی لوگوں، ضلعی انتظامیہ اور فوج نے مل کر مشترکہ کوششیں کیں، چیئر لفٹ میں پھنسے بچوں کو بچانے کے واقعے کی خوشی منائیں گے، سکول کے بچوں نے جس ہمت کا مظاہرہ کیا وہ قابل ستائش ہے۔ قبل ازیں نگران وزیراعظم نے معروف کاروباری شخصیات سے ملاقات کے دوران خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں بے روزگاری، مہنگائی اور خوراک کی کمی کا سامنا ہے، معاشی چیلنجز سے نمٹنے کی کوششوں میں تاجر برادری کے تعاون کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کا حل خدمت اور عبادت ہے، تاجر برادری ملک میں فنی تربیت کے فروغ میں کردار ادا کرے، ہر ممکن کوشش کریں گے کہ تاجروں کے مسائل حل ہوں، ہم کاروباری طبقے کو سنیں گے، کاروباری طبقہ حکومت، ریاست کو سنے۔ نگران وزیراعظم نے کہا کہ ہمارا مینڈیٹ بہت محدود ہے، نئے پارلیمان کے وجود تک اپنی ذمہ داریاں نبھائیں گے، نگران حکومت بین الاقوامی معاہدوں کی پاسداری اور شفاف انتخابات کیلئے اقدامات کررہی ہے۔

بقیہ 6

40 برسوں سے حکمرانوں کی شکل میں ڈاکو راج مسلط ہے، عوام کو امن، انصاف اور ترقی سے محروم رکھا گیا، پورے ملک میں آگ لگی ہے، عدم برداشت اور اخلاقی انحطاط میں اضافہ ہورہا ہے، پاکستان کو تماشا بنا دیا گیا، ملک پر 75 برسوں سے مسلط حکمران اشرافیہ مسائل کی براہ راست ذمہ دار ہے، ان سے جان چھڑانا ہوگی۔ جماعت اسلامی ہی ڈاکو اور ظالم راج کا مقابلہ کرسکتی ہے، قوم ہمارا ساتھ دے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے خیر پور کے قصبے رانی پور میں مقامی جاگیردار کے ظلم کا شکار بچی فاطمہ کے خاندان کے لیے انصاف کے حق میں احتجاجی جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ معصوم فاطمہ کے قاتلوں کو عبرت ناک سزا دی جائے، خاندان کو انصاف نہ ملنے تک احتجاج جاری رہے گا۔ قبل ازیں انہوں نے نائب امیر جماعت اسلامی اسد اللہ بھٹو، امیر جماعت اسلامی سندھ محمد حسین محنتی اور مرکزی سیکرٹری اطلاعات قیصر شریف کے ہمراہ رانی پور کے نواحی گاں میں فاطمہ کے والد اور بھائیوں سے ملاقات کی اور مرحومہ کے لیے دعائے مغفرت اور لواحقین سے اظہار تعزیت کیا۔ کاشف سعید شیخ، ممتاز حسین سہتو، حزب اللہ جکھرو، عبدالحفیظ بجارانی، شبیر خانزادہ و دیگر صوبائی و مقامی ذمہ دار بھی اس موقع پر موجود تھے۔ امیر جماعت جڑانوالہ جلا گھیرا سے متاثرہ مسیحی خاندانوں سے ملاقات کے بعد منگل کی صبح سندھ کے دورہ پر روانہ ہوئے۔

بقیہ 7

پوزیشنز پنجاب کالج کے نام رہیں۔ کامرس گروپ کامرس گروپ میں پنجاب کالج کی طالبہ حمدہ اشفاق نے 1064 نمبر لے کر پہلی پوزیشن حاصل کی اور گلشن فاطمہ کی 1031 نمبروں کے ساتھ دوسری پوزیشن پر براجمان ہوگئیں جبکہ پنجاب کالج کی ہی طالبہ ایمان خان نے 1030 نمبر لے کر تیسری پوزیشن حاصل کی ہے۔

پری میڈیکل گروپ

انٹرمیڈیٹ پارٹ ٹو پری میڈیکل گروپ میں تینوں پوزیشنز طالبات کی آئیں، پری میڈیکل میں پہلی پوزیشن ایشل شاہنور فاطمہ نے 1075 لے کر حاصل کی، ان کا تعلق پنجاب کالج ایچ الیون سے ہے، پری میڈیکل میں دوسری پوزیشن ہانیہ عثمان نے 1072 نمبر لیکر اپنے نام کی، ان کا تعلق آرمی پبلک سکول ہمایوں روڈ سے ہے، پری میڈیکل میں تیسری پوزیشن ردا الملک نے 1066 نمبر لے کر حاصل کی، ان کا تعلق آرمی پبلک سکول راولپنڈی کینٹ سے ہے۔ پری انجینئرنگ گروپ پری انجینئرنگ میں عشبا فاطمہ نے 1069 لیکر پہلی پوزیشن حاصل کی، ان کا تعلق آرمی پبلک سکول راولپنڈی کینٹ سے ہے، پری انجینئرنگ میں دوسری پوزیشن عائشہ ظفر نے 1059 لیکر اپنے نام کی، ان کا تعلق بھی آرمی پبلک سکول راولپنڈی کینٹ سے ہے، پری انجینئرنگ میں تیسری پوزیشن زویا احمد نے 1054 لیکر اپنے نام کی، ان کا تعلق آرمی پبلک سکول چکلالہ کینٹ سے ہے۔ سائنس جنرل گروپ سائنس جنرل گروپ کی حرا عارف نے 1045 پہلی پوزیشن حاصل کی، سائنس جنرل گروپ کی ماہ نور تارڑ 1054 نمبر لے کر دوسری پوزیشن لے گئیں جبکہ عمارہ امین نے 1038 نمبر لے کر تیسری پوزیشن حاصل کی۔ چیئر مین فیڈرل بورڈ قیصر خان نے بتایا کہ انٹرمیڈیٹ امتحانات کیلئے 501 سنٹرز بنائے گئے تھے، رواں سال 30 مئی تا 22 جولائی کے درمیان امتحانات لئے گئے، آج 42 دن کے بعد ہم نے انٹرمیڈیٹ کے سالانہ نتائج کا اعلان کیا، فیڈرل بورڈ گزشتہ دو سال سے ای مارکنگ سسٹم پر شفٹ ہو چکا ہے، اگلے سال سے فیڈرل بورڈ نے پاسنگ پرسنٹیج 40 فیصد مقرر کر دی ہے۔ واضح رہے کہ رواں برس انٹر میڈیٹ پارٹ ٹو میں کامیابی کا تناسب 83.86 جبکہ پارٹ ون میں کامیابی کا تناسب 61.82 فیصد رہا ہے۔

بقیہ 8

کمانڈر پشاور نے آرمی چیف کا علاقہ میں پہنچنے پر استقبال کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف نے افسروں اور جوانوں سے ملاقات کی، آرمی چیف کو سکیورٹی کی صورتحال اور انسداد دہشت گردی آپریشنز پر تفصیلی بریفنگ بھی دی گئی۔ آرمی چیف نے کہا شہدا ہمارا فخر ہیں، شہدا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، آرمی چیف نے افسروں اور جوانوں کے دہشت گردی کے خلاف غیر متزلزل عزم کو سراہا۔ آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے کہا دہشت گردوں، سہولت کاروں اور پاکستان کے خلاف کام کرنے والوں کو کسی صورت نہیں چھوڑا جائے گا، پاکستان میں امن و استحکام کے لئے دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق گزشتہ روز اسمان منزا کے علاقہ میں 6 جوان شہید ہوئے تھے۔

بقیہ 9

چیف الیکشن کمشنر کو آج یا کل ملاقات کی دعوت کے لیے خط لکھ دیا۔ صدر کے خط کے متن میں کہا گیا ہے کہ صدر مملکت نے 09.08.2023 کو وزیراعظم کے مشورے پر قومی اسمبلی کو تحلیل کیا۔ صدر مملکت آئین کے آرٹیکل 48(5) کے تحت اسمبلی کے عام انتخابات کے انعقاد کیلئے تحلیل کی تاریخ کے نوے دن میں تاریخ مقرر کرنے کے پابند ہیں۔ چیف الیکشن کمشنر کو آج یا کل صدر کے ساتھ ملاقات کے لیے مدعو کیا جاتا ہے تاکہ مناسب تاریخ طے کی جاسکے۔۔ دوسری جانب الیکشن کمیشن نے پیپلز پارٹی اور ن لیگ کی قیادت کو مدعو کرلیا۔ بتایا گیا ہے کہ لیکشن کمیشن کی الیکشن روڈ میپ پر سیاسی جماعتوں سے مشاورت کے حوالے سے اہم پیشرفت ہوئی ہے۔ الیکشن کمیشن نے چیئر مین پی ٹی آئی عمران خان، صدر مسلم لیگ ن شہباز شریف اور سابق صدر آصف زرداری سمیت دیگر سیاسی جماعتوں کے سربراہوں کو کو مدعو کرلیا۔ عمران خان کو 24 اگست دن 2 بجے بلایا گیا ہے، مسلم لیگ ن کو 25 اگست دن 11 بجے، جبکہ پیپلز پارٹی کو 29 اگست سہ پہر 3 بجے مدعو کیا گیا ہے۔ سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمن کو 24 اگست دن 3 بجے، الیکشن کمیشن نے شہباز شریف اور آصف زرداری کو مراسلہ بھیج دیا۔ قبل ازیں الیکشن کمیشن نے ملک کی تمام بڑی سیاسی جماعتوں سے مشاورت کا فیصلہ کیا، تھا۔ ذرائع کے مطابق الیکشن کمیشن نے سیاسی جماعتوں سے مشاورت کے بعد آئندہ عام انتخابات کی تاریخ کا اعلان کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انتخابات کے شیڈول اور انتخابات کی تاریخ سے متعلق سیاسی جماعتوں سے مشاورت کی جائے گی، الیکشن کمیشن سیاسی جماعتوں سے علیحدہ علیحدہ مشاورت کرے گا، الیکشن کمیشن آیندہ الیکشن کے روڈ میپ پر مشاورت کرے گا، الیکشن کمیشن حلقہ بندیوں اور ووٹرز کی فہرستوں امور پر بھی مشاورت کرے گا۔

بقیہ 10

ڈیوٹی پر مامور ہے اور متاثرہ اضلاع میں 769 ریسکیو اہلکار چوبیس گھنٹے سے ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں اور ان اضلاع میں مجموعی طور پر 58 میڈیکل کیمپ لگائے ہیں۔ نیز میڈیکل کیمپوں میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں دو ہزار سے زائد افراد کو علاج معالجے کی سہولیات فراہم کی گئیں۔ ڈی جی عمران قریشی کا مزید کہنا ہے کہ میڈیکل کے علاوہ متاثرہ اضلاع میں 44 ریلیف کیمپ بھی لگائے گئے ہیں۔ پندرہ ہزار سے زائد افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا ہے۔ بارہ سو کے قریب افراد کو ایمرجنسی ٹرانسپورٹ فراہم کی گئی ہے۔ سیلابی پانی میں پھنسے 2616 افراد کو ہنگامی بنیادوں پر ریسکیو کیا گیا ہے۔ گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں پندرہ سو کے قریب افراد میں پکا ہوا کھانا تقسیم کیا جاچکا ہے۔ 3 ہزار سے زائد مویشیوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا ہے۔ گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں سیلاب سے متاثرہ دیہات کی مجموعی تعداد 113 ہے۔ سیلابی پانی سے 85 ہزار ایکڑ سے زائد رقبہ متاثر ہوا ہے۔ ریلیف کمشنر پنجاب نبیل جاوید نے انتظامیہ کو الرٹ رہنے کی ہدایات جاری کیں۔ ریلیف کمشنر کا مزید کہنا ہے کہ متاثرہ اضلاع میں ریلیف سرگرمیاں شدو مد سے جاری ہیں۔ شہریوں کے انخلا اور بحالی تک امدادی سرگرمیاں جاری رہیں گی۔ عوام کے جان و مال کا تحفظ اولین فریضہ ہے۔ محکمہ اور اس سے منسلک تمام ادارے انسانی جانوں کے تحفظ کے مقدس مشن پر کاربند رہیں گے

بقیہ 11

تاخیر اور عدالت کے احکامات پر عملدرآمد نہ کرنے پر نوٹس پر پیش ہوئے ایس ایس پی میرپور خاص چوہدری اسد نے تحریری جواب جمع کروایا اور معزز عدالت کو یقین دہانی کروائی پیشی کے بعد ایس ایس پی میرپورخاص چوہدری اسد نے میڈیا سے مختصر گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ انکی پیشی کا مقصد مختلف امور پر عدالت میں پیش ہوئے تھے جن میں مختلف مقدمات میں جے آئی ٹی بنانے اور 176 کے معاملے میں تاخیر جیسے معاملات پر بات ہوئی ایک سوال کے جواب میں کہ آپکو ایس ایس پی کو جوڈیشل مجسٹریٹ ون میں پیش ہونا پڑا جس کا مطلب آپکا نیچے پولیس عدالت کو مطمئن نہیں کر پا رہی پر انکا کہنا تھا کہ ایسی بات نہیں ہے اچھے ماحول میں معاملات چل رہے ہیں دوسری جانب میرپورخاص میں جرائم میں اضافے کے سوال پر انکا کہنا تھا الحمداللہ لا اینڈ آڈر کی صورتحال بہتر ہے ایس ایس پی میرپورخاص کی عدالت میں پیشی نے پولیس کی دوڑیں لگادیں متعلقہ تھانے کے تفتیشی افسران اور ایس ایچ او الرٹ رہے اور پریشانی کے عالم میں ادھر ادھر گھومتے رہے

بقیہ 12

ہوتے، اس کی ایک تاریخ ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے میں عدم اعتماد کا کلچر ایک دن میں نہ پیدا ہوا ہے نہ ختم ہوگا۔ بٹگرام کے چیئر لفٹ واقعہ کے حوالے سے بات کرتے ہوئے مرتضی سولنگی نے کہا کہ ہمارے جوانوں نے پیشہ وارانہ انداز میں بہادری سے بچوں کو ریسکیو کیا، مقامی لوگوں نے بھی بہادری کا مظاہرہ کیا اور بچوں کو ریسکیو کرلیا۔ ان کا مزید کہنا ہے کہ نگراں وزیراعظم کو مقامی نوجوانوں کی بہادری کا ادراک ہے، انوار الحق کاکڑ مقامی نوجوانوں کی خدمات کا اعتراف کریں گے۔

بقیہ 13

روپے 40 پیسے فی یونٹ مہنگی کردی گئی۔ نیپرا نے اضافے کی ابتدائی منظوری دے دی ، اضافہ سال 2022-23 کی چوتھی سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں کیا گیا ہے، نیپرا تفصیلی فیصلہ بعد میں جاری کرے گا۔ بجلی کی قیمتوں میں اضافے کا اطلاق لائف لائن کے الیکٹرک صارفین پر نہیں ہوگا۔ اس حوالے سے تحریری تفصیلی فیصلہ تمام امور کے جائزے کے بعد جاری کیا جائے گا۔

بقیہ 14

کی اور بلوچستان میں بجلی کی بلاتعطل فراہمی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق کیسکو کے سربراہ نے بجلی کی موثر اور بلا تعطل فراہمی بارے اپنی حکمت عملی اور اقدامات سے متعلق چیئر مین سینیٹ کو آگاہ کیا جس کا مقصد بلوچستان میں بجلی کی تقسیم کے بنیادی ڈھانچے کو بڑھانا ہے تاکہ خطے کی توانائی کی بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کیا جا سکے۔ چیئر مین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے بلوچستان کی سماجی و اقتصادی ترقی کیلئے مستحکم اور پائیدار بجلی کی فراہمی کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے صوبہ بلوچستان کو توانائی سے متعلق درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے اپنے عزم کا اظہار کرتے ہوئے صوبے کے رہائشیوں کی فلاح و بہبود اور ترقی کو یقینی بنانے کیلئے حکومتی اداروں اور پاور یوٹیلیٹیز کے درمیان مشترکہ کوششوں کی ضرورت کو اجاگر کیا۔ محمد صادق سنجرانی نے توانائی کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے کیلئے کیسکو کی کوششوں کی تعریف کی۔ ملاقات میں توانائی سے متعلق چیلنجز پر قابو پانے اور بلوچستان کے کونے کونے تک مستقل بجلی کی فراہمی کے مشترکہ ہدف کو حاصل کرنے کیلئے حکمت عملیوں کو ہم آہنگ کرنے کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ اس موقع پر کیسکو کے سی ای او اور چیئر مین سینیٹ نے خطے کے توانائی سے متعلق خدشات کو دور کرنے کیلئے تعاون، شفافیت اور موثر رابطے کیلئے اپنے عزم کا اظہار کیا

بقیہ 15

احمد نے کہا ہے کہ موجودہ صورتحال میں بغیر پوچھے ہی نامزد کردیا گیا، اپنے فیصلے سے سیکرٹری سٹیبلشمنٹ کو آگاہ کردیا ہے۔ واضح رہے صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کی جانب سے اپنے پرنسپل سیکرٹری وقار احمد کو ہٹا کر حمیرا احمد کو سیکرٹری لگانے کی سفارش کی گئی تھی

بقیہ 16

جائیں گے جن سے جماعت اسلامی کے مرکزی، صوبائی اور مقامی قائدین خطاب کرینگے واضح رہے کہ مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی نے 26 اگست 1941 کو اسلامیہ پارک میں 75 تاسیسی ارکان کے ہمراہ جماعت اسلامی کی بنیاد رکھی تھی

بقیہ 17

پوزیشنز پنجاب کالج کے نام رہیں۔ کامرس گروپ کامرس گروپ میں پنجاب کالج کی طالبہ حمدہ اشفاق نے 1064 نمبر لے کر پہلی پوزیشن حاصل کی اور گلشن فاطمہ کی 1031 نمبروں کے ساتھ دوسری پوزیشن پر براجمان ہوگئیں جبکہ پنجاب کالج کی ہی طالبہ ایمان خان نے 1030 نمبر لے کر تیسری پوزیشن حاصل کی ہے۔ پری میڈیکل گروپانٹرمیڈیٹ پارٹ ٹو پری میڈیکل گروپ میں تینوں پوزیشنز طالبات کی آئیں، پری میڈیکل میں پہلی پوزیشن ایشل شاہنور فاطمہ نے 1075 لے کر حاصل کی

بقیہ 18

ٹائر برسٹ ہونے کے باعث وین الٹ گئی جس کے باعث ایک مسافر بختیار احمد جاں بحق جبکہ 7 مسافر زخمی ہوگئے۔ اطلاع ملنے پر پولیس جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور لاش اور زخمیوں کو فوری طور پر ڈیرہ مراد جمالی کی ہسپتال منتقل کردیا، جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش کو ورثاء کے حوالے کر کے مزید کارروائی شروع کردی ہے

بقیہ 19

جائیں گے جبکہ سکولز لیول پر بھی سرگرمیوں کا انعقاد کیا جائے گا۔ اویس نواز نے کہا کہ خواندگی کے عالمی دن کی مرکزی تقریب لاہور میں ہوگی جس میں نگران وزیراعلیٰ کو بطور مہمان خصوصی مدعو کیا جائے گا۔ انہوں نے اجلاس کے شرکاء کو خواندگی کے پیغام کے فروغ حوالے سے ابلاغ کے تمام ذرائع استعمال کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں جائیکا سمیت محکمہ لٹریسی کے افسران شریک ہوئے

بقیہ 20

ٹریفک کی روانی میں خلل ڈالنے والے ریڑھی بانوں کے خلاف کریک ڈاؤن عرصہ دراز سے جی ٹی روڈ کے اوپر تجاوز ریڑھی بانوں کو اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان میاں مراد حسین نیکوکارہ کی جانب سے روڈ کلیئر کرنے اور متبادل جگہ شفٹ ہونے کے لیے متعدد بار نوٹس دیئے گئے اور اس دوران مختلف اوقات میں آپریشنز کر کے ریڑھیاں بھی ضبط کی گئیں مگر جی ٹی روڈ پر تجاوز مافیا اسکے باوجود بھی ٹس سے مس نہ ہوا اور دیدہ دلیری دھڑلے سے روڈ کے اوپر ریڑھیاں لگا کر براجمان رہا آج اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان کی ہدایات پر شعبہ تجاوزات کی ٹیم نے ایک گرینڈ آپریشن کیا اور جی ٹی روڈ کے دونوں اطراف براجمان ریڑھی بانوں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں کرتے ہوئے موقع پر موجود ریڑھی بانوں کی 8 ریڑھیوں کو قبضے میں لیکر بلدیہ آفس میں منتقل کیا جبکہ انفورسمنٹ ٹیم کے ساتھ مزاحمت کرنے اور لڑائی جھگڑا کرنے والے 4 افراد کو موقع سے گرفتار کروا کے انکے خلاف مقدمات درج کروا کر پابند سلاسل کر دیا گیا اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان نے کہا شہریوں کی آمدورفت کے راستوں اور جی ٹی روڈ اور بازاروں میں رکاوٹیں کھڑی اور راستے تنگ کرنے والے کسی بھی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ایسے افراد کے خلاف بلاتفریق کاروائیاں عمل میں لائی جارہی ہیں اور جلد ہی بازاروں میں بھی گرینڈ آپریشن لانچ کیا جارہا ہے بازاروں اور جی ٹی روڈ کے اطراف کے راستوں کو کھلا رکھا جائے اور ان جگہوں پر کسی کو بھی ہرگز تجاوز ہونے کی اجازت نہ دی جائے گی

بقیہ 21

سپیشل ایجوکیشن اینڈ ویمن ایمپاورمنٹ ڈیپارٹمنٹ خیبر پختونخوا کے افسران، دارالامان کے فیلڈ افسران اور منیجرز شامل تھے۔ اجلاس میں خیبر پختونخوا کی خواتین افسران کے ساتھ مختلف منصوبہ جات میں دوطرفہ اشتراک پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سیکرٹری ویمن ڈویلپمنٹ سمیرا صمد نے کہا کہ اشتراک کا مقصد خواتین کے حقوق اور ترقی کے شعبے میں علم کے تبادلے اور بہترین ادارہ جاتی طریقوں کو فروغ دینا ہے۔ پنجاب اور کے پی کے ویمن ڈویلپمنٹ کے اداروں کا بنیادی مقصد خواتین کے حقوق اور ترقی کے لیے اقدامات کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ پنجاب وفد کو خواتین کو بااختیار بنانے کے لئے شروع کردہ پروگراموں، تجربات اور کامیابیوں کے بارے میں رہنمائی فراہم کرے گا۔ باہمی اشتراک سے ایک جامع اور صنفی مساوی معاشرے کی تعمیر کے لیے اجتماعی عزم مضبوط ہوگی۔ یہ امر خوش آئند ہے کہ خیبر پختونخوا نے خواتین کو بااختیار بنانے اور صنفی مساوی کو آگے بڑھانے کے لیے پنجاب کی طرز پر منصوبہ جات شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اس لیے ہر طرح کی معاونت کے لیے تیار ہیں۔ خیبر پختونخوا کے وفد نے صوبہ پنجاب کے ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے پروگراموں اور اقدامات کے بارے میں آگاہی حاصل کی اور مختلف سیکشنز کا دورہ کیا۔ انہوں نے صوبہ پنجاب میں خواتین کی ایمپاورمنٹ کے اقدامات کو سراہا۔

بقیہ 22

پیز کو انکے عہدے کے بیجز لگائے۔ واضح رہے کہ آئی جی پی نے صوبے کے تمام ضلعی ہیڈ کوارٹرز میں پولیس کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر کے قیام کا فیصلہ کیا ہے۔ پشاور میں قائم کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر کی طرز پر پچھلے دنوں کوہاٹ میں بھی سنٹر کا باقاعدہ افتتاح کیا گیا تھا۔ اسی طرح پشاور میں ابابیل سکواڈ کی موثر کاروائیوں اور افادیت کے پیش نظر اسے مزید تین اضلاع نوشہرہ، مردان اور کوہاٹ میں شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا اور اس سلسلے میں نوشہرہ ابابیل سکواڈ کا افتتاح بھی کیا گیا۔ بعد ازاں آئی جی پی نے مردان میں بغدادہ پولیس چوکی کی نوتعمیر شدہ عمارت کا افتتاح کیا۔ انہوں نے مردان میں نئے تعینات ہونیوالے ڈویژنل ایس پیز کو نئے عہدے کے رینک بھی لگائے۔ ڈی پی او مردان نجیب الرحمان بگوی نے آئی جی پی اختر حیات خان کو اپنے ضلع کے کرائم کی بابت بریفنگ بھی دی۔

بقیہ 23

کردی۔ اسسٹنٹ کمشنر پشین حبیب بنگلزئی نے علاقہ مکین کی شکایات پر لیویز دفعہ دار نور محمد لیویز نفری کے ہمراہ پشین شہر کے وسط میں واقع گنج منڈی میں ایک دودھ کی ڈیری پر چھاپہ مار کر مضر صحت گھی بنانے والے کارخانے سے بڑی مقدار میں جانوروں کی چربی سے بنائے گئے گھی کے 20 عدد ڈرم، جانوروں کی ہڈیاں، دیگر کیمیائی سامان برآمد کر کے ایک شخص کو گرفتار کرلیا۔ برآمد شدہ اشیا پولیس کے حوالے کر کے مقدمہ درج کرلیا گیا اور مزید تفتیش شروع کردی گئی ہے۔

بقیہ 24

فوجی تعلقات کو مزید مستحکم بنانا ہے۔ البطارون مشقوں کا مقصد دونوں ممالک کے دہشت گردی کے خلاف تجربات سے مستفید ہونا ہے، افتتاحی تقریب میں دونوں ممالک کا ترانہ بجایا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق تقریب میں دونوں ممالک کی مسلح افواج کے سینئر حکام شریک ہوئے، مشترکہ مشقوں کا مقصد باہمی تعاون بڑھانا اور ایک دوسرے کے تجربہ سے فائدہ اٹھانا ہے۔

بقیہ 25

پر سماعت کی۔ آر پی او نے ریٹائرڈ سب انسپکٹر محمد اشرف مرحوم کی سروس ضبطگی ایک سال منظور، سب انسپکٹر ارسلان امجد، سعید احمد اور ظفر اقبال کی اپیلوں کو منظور کرتے ہوئے اسسٹنٹ سب انسپکٹر محمد زکریا کی چارج شیٹ پر ایک ماہ کی تنخواہ کے برابر جرمانہ عائد کیا جبکہ برخاست کانسٹیبل محسن رضا ضلع خانیوال کی اپیل کو مسترد جبکہ کانسٹیبل بشیر اور سمیع اللہ کی دو اپیلوں کو بھی مسترد کر دیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے آر پی او نے کہا کہ گزشتہ چند یوم میں ملتان ریجن پولیس کے 120 افسران و اہلکاروں کی اپیلوں کی سماعت اور فیصلہ ایک ریکارڈ ہے، ریجن میں یکساں احتسابی عمل کا تسلسل جاری ہے۔

بقیہ 26

سب سے بڑی سورس مارکیٹ ہے، ڈیجیٹل پلیٹ فارم نسوک پاکستانی زائرین اور عازمین کو سفری سہولتیں مہیا کر کے مقامات مقدسہ کے سفر کو آسان بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ سعودی ٹورازم اتھارٹی، اے پی اے سی مارکیٹس کے صدر الحسن الدبغ اور فہد حامد الدین سمیت وزارت سیاحت کی دیگر اہم شخصیات بھی ان کے ہمراہ تھیں۔ ڈاکٹر توفیق بن فوزان الربیعہ نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب مشترکہ اسلامی اقدار کے دیرینہ اور مضبوط رشتے سے منسلک ہیں، سعودی عرب نے مکہ و مدینہ کے ساتھ دیگر تاریخی اہم شہروں تک بھی رسائی کو آسان بنانے کا فیصلہ کیا ہے

بقیہ 27

نے کے حکم کیخلاف نیب اپیل پر سماعت ہوئی، نیب پراسیکوٹر نے مؤقف اختیار کیا کہ ملزم کو گرفتاری سے قبل مطلع کرنے کا فیصلہ خلاف قانون ہے۔ چیف جسٹس پاکستان جسٹس عمر عطاء بندیال نے ریمارکس دیئے کہ جاوید لطیف کا مقدمہ انکوائری کی سطح پر تھا جس میں گرفتاری نہیں ہوسکتی۔ نیب پراسیکوٹر نے بتایا کہ 3 جولائی 2023 کی ترمیم کے بعد انکوائری کے دوران بھی گرفتاری ہوسکتی ہے۔ چیف جسٹس نے قرار دیا کہ جولائی کے دوران ہونے والی نیب ترمیم مشکوک ہے، 3 جولائی کو کی گئی نیب ترامیم عدالتی فیصلوں کے متصادم ہے۔ چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ سوال جواب کیلئے بلائے گئے شخص کو جیل میں کیسے ڈالا جا سکتا ہے؟ نیب قانون 2021 تک ڈریکونین تھا۔ نیب قانون میں ریمانڈ کا دورانیہ کم کرنے اور ضمانت دینے کی ترمیم اچی ہے۔ عدالت نے گرفتاری سے قبل ملزم کو آگاہ کرنے کے حکم کیخلاف نیب کی اپیل خارج کردی۔ قبل ازیں شمیم شوگر ملز کیس میں سپریم کورٹ نے مریم نواز کی ضمانت منسوخی کی درخواست نمٹادی تھی۔ سپریم کورٹ میں شوگر ملز کیس میں سنئیر نائب صدر مسلم لیگ ن مریم نواز کی ضمانت منسوخی کی درخواست پر سماعت ہوئی تھی، نیب نے مریم نواز کی ضمانت منسوخی کی درخواست واپس لینے کی استدعا کی۔ نیب پراسیکوٹر نے بتایا کہ نیب قانون تبدیل ہونے کی وجہ سے درخواست پر مزید کارروائی نہیں ہوسکتی۔ عدالت نے ضمانت منسوخی کی درخواست واپس لینے کی بنیاد پر خارج کی۔ نیب نے استدعا کی کہ آرڈر میں درخواست خارج کرنے کی بجائے نمٹادینا لکھ دیں۔

بقیہ 28

کو دریا سے نکال لیا

بقیہ 29

پلان پر مزید وضاحت مانگی ہے۔ گیس سیکٹر کے گردشی قرض میں کمی کے لیے ڈیویڈنڈ اسکیم متعارف کرائی گئی۔ ڈیویڈنڈ پلگ ان بیک سکیم سے گردشی قرضے میں 4 سو ارب سے زائد کی کمی ہوگی۔ پلگ ان بیک سکیم سے گیس سیکٹر کا گردشی قرض کم ہوکر 12 سو ارب رہ جائیگا۔ نگراں وزیر خزانہ ڈاکٹر شمشاد اختر آئی ایم ایف سے بات کریں گی اور آئندہ ماہ وزارت خزانہ اور آئی ایم ایف باقاعدہ اقتصادی جائزہ مذاکرات شروع کریں گے۔

بقیہ 30

ریٹرن میں واضح نظر آرہا ہے۔ نیب انویسٹی گیشن افسر نے بھی احتساب عدالت میں اس کی گواہی دی تھی۔ نیب کے انویسٹی گیشن افسر نے تمام املاک کی خود چھان بین کی اسے کہیں کسی بے قاعدگی کا کوئی ثبوت نہیں ملا لہٰذا اس کیس کو بند کردینا چاہئے۔ خیال رہے کہ سابق وزیراعلی پنجاب چوہدری پرویز الٰہی اور مونس الٰہی کیخلاف سرکاری ٹھیکوں کے عوض کک بیکس اور گھپلوں کی انکوائری کے معاملے پر پیشرفت ہوئی تھی۔ مونس الٰہی کی نیب انکوائری رپورٹ سامنے آئی۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ مونس الٰہی کرپشن اور منی لانڈرنگ میں ملوث پائے گئے۔ مونس الٰہی نے اپنے فرنٹ مینوں عظمت حیات اور سہیل اصغر کے ذریعے ٹھیکوں کی مد میں کک بیکس لیں۔ نیب انکوائری رپورٹ کے مطابق مونس الٰہی نے جولائی 2022ء میں اپنے بینک اکاؤنٹس میں ملکی اور غیر ملکی بھاری رقم جمع کراوئی۔ سابق وفاقی وزیر نے جولائی 2022 کے بعد 72 ملین روپے سے 384 کنال اراضی خریدی، اراضی بظاہر کک بیکس اور رشوت کے پیسوں سے بنائی گئی۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ مونس الٰہی نے اپنے والد کے عہدے کا غلط استعمال کیا۔

بقیہ 31

کی آپریشنل تعمیر، اہداف اور مستقبل کی جنگ کے تناظر میں پاک فضائیہ کے بنیادی ڈھانچے میں تبدیلی کے منصوبوں کے بارے میں بھی معزز مہمان کو آگاہی فراہم کی۔ ائیر چیف نے پاک فضائیہ کی جانب سے اپنے اہلکاروں کی تربیت کو بہتر بنانے کے لیے اٹھائے گئے اقدامات پر روشنی ڈالی جنگی بدولت انہیں ایسی صلاحیتوں سے لیس کیا جارہا ہے جو کہ عصر حاضر کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیئے انتہائی مؤثر ثابت ہونگی۔ مستقبل کی جنگ میں ہراول دستے میں رہنے کے پاک فضائیہ کے عزم کو اجاگر کرتے ہوئے ایئر چیف نے خلائی، سائبر اور مصنوعی ذہانت کے شعبوں میں ملٹی اسپیکٹرم آپریشنز کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے ان اہم شعبوں میں مقامی صلاحیتوں کو استوار کرنے کی مناسبت سے پاک فضائیہ کی اسٹریٹجک تبدیلی کا خاکہ بھی پیش کیا۔

بقیہ 32

حلقہ بندیوں سے متعلق مشاورت کیلئے سیاسی جماعتوں کو مدعو کیا گیا۔ یاد رہے کہ اس سے قبل الیکشن کمیشن نے ملک کی تمام بڑی سیاسی جماعتوں سے مشاورت کا فیصلہ کیا، الیکشن کمیشن نے سیاسی جماعتوں سے مشاورت کے بعد آئندہ عام انتخابات کی تاریخ کا اعلان کرنے کا فیصلہ کیا۔ انتخابات کے شیڈول اور انتخابات کی تاریخ سے متعلق سیاسی جماعتوں سے مشاورت کی جائے گی۔ الیکشن کمیشن سیاسی جماعتوں سے علیحدہ علیحدہ مشاورت کرے گا، الیکشن کمیشن آئندہ الیکشن کے روڈ میپ پر بھی مشاورت کرے گا۔ الیکشن کمیشن حلقہ بندیوں اور ووٹرز کی فہرستوں امور پر بھی مشاورت کرے گا۔ جبکہ گزشتہ روز الیکشن کمیشن کا اہم اجلاس چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی زیر صدارت ہوا۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے انتخابی نتائج مرتب کرنے کے نظام پر اطمینان کا اظہار کیا۔ الیکشن کمیشن کو بریف کیا گیا کہ اس سسٹم کے تحت پریذائیڈنگ آفیسر کی طرف سے ریٹرننگ آفیسر کے پاس موبائل ایپ کے ذریعے فوری رزلٹ کی ترسیل ممکن ہوگی۔

بقیہ 33

شانہ بشانہ کھڑی ہے، سکیورٹی اداروں اور عوام کے تعاون سے دہشت گردی کی عفریت کا مکمل خاتمہ کریں گے۔

بقیہ 34

لانے کی بات کرنے والوں پر زمین تنگ کر دیں گے۔ ایاز صادق نے الیکشن کے حوالے سے کہا کہ چار ماہ میں حلقہ بندیاں ہوں گی اس کے بعد الیکشن ہوں گے۔ نواز شریف جلد وطن آ کر پارٹی کی قیادت کریں گے۔ قبل ازیں ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے ایاز صادق نے کہا کہ سابق وزیراعظم نے اپنے اقتدار کے خاطر سب کچھ تباہ کردیا۔ انہوں نے کہا کہ سابق وزیراعظم نے فوج کو بھی تمام معاملے میں ملوث کیا، کیا فوج کو متنازع بنانا پاکستان کی خدمت تھی اب بھی یہ سوچتے ہیں کہ ان پر کیس نہ ہوں۔

بقیہ 35

کی ڈیڈ لائن دے دی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پی سی ون میں لاہوری گیٹ، شیرانوالہ گیٹ، کشمیری گیٹ، روشنائی گیٹ شامل کر لیے گئے ہیں اور اس منصوبے پر کل 75 ملین لاگت آئے گی۔ منصوبے کے تحت دروازوں کے باہر ٹف ٹائلز اور مسنگ کرب سٹونز کی تنصیب جبکہ لائن اور لین مارکنگ کا کام بھی ہوگا۔ ڈپارٹمنٹل ڈویلپمنٹ کمیٹی کے اجلاس میں محکمہ فنانس اور پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ کے نمائندگان نے بھی شرکت کی۔

بقیہ 36

وکیل ملزمان کا کہنا تھا کہ تین سال میں گیارہ گواہوں کے بیانات قلمبند کیے گئے، تین سال بعد کیس احتساب عدالت سے سپیشل جج سینٹرل کو بھیج دیا گیا۔ اس پر چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ نے کہا کہ یہ عدالتی دائرہ اختیار نہیں بنتا آپ بریت کی درخواست سپیشل جج سینٹرل کو دیں، اگر وہاں سے کوئی شنوائی نہیں ہوتی تو پھر یہاں دیں۔ وکیل احمر بلال صوفی نے کہا کہ میرے موکل تین سال سے عدالت کا چکر لگا رہے ہیں، انہیں مقدمے سے ڈسچارج کیا جائے اور کیس یہاں زیر سماعت رہنے تک سپیشل جج سینٹرل کی عدالت میں کارروائی روکی جائے۔ چیف جسٹس عامر فاروق نے کہا کہ کیس کی کارروائی نہیں روک رہے، پہلے فریقین کو نوٹس کر کے بلا لیتے ہیں۔ عدالت نے فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے سماعت آئندہ ہفتے تک ملتوی کردی

بقیہ 37

صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے اپیلوں کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ بینکوں نے آن لائن فنڈ زٹرانسفر کے حوالے سے سٹیٹ بینک کے ضوابط کی تعمیل میں لاپرواہی کا مظاہرہ کیا اور صارفین کی رضامندی کے بغیر الیکٹرانک فنڈز ٹرانسفر سہولت کو فعال کیا۔ تفصیلات کے مطابق دو نجی بینکوں کے 4 صارفین کے بینک اکاؤنٹس سے جعلسازوں نے رقم نکلوالی تھی۔ صدر مملکت نے کہا کہ بینکوں نے فنڈ ٹرانسفر کے فوائد و نقصانات بارے واضح اور سادہ زبان میں صارفین کو نہیں بتایا اور صارفین کی اجازت کے بغیر فنڈ ٹرانسفر سہولت کھولنے سے صارفین کو نقصان اٹھانا پڑا۔ انہوں نے کہا کہ بینک بدانتظامی کے مرتکب اور صارفین کا نقصان پورا کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سمیرا اللہ دتہ، افضال عباس کاظمی، فرح محمد خان، اور ڈاکٹر کنور شکیل احمد (شکایت کنندگان) کو بالترتیب 15 لاکھ، 9 لاکھ 85 ہزار، 9 لاکھ 60 ہزار اور 5 لاکھ 98 ہزار روپے کا نقصان ہوا۔ ڈاکٹر کنور کو ہیلپ لائن سے مشابہہ نمبر سے کال موصول ہوئی، کالر نے ذاتی بینکنگ معلومات طلب کیں۔ بینکنگ معلومات شیئر کرنے کے بعد اکاؤنٹ سے 598000 روپے منتقل کئے گئے۔ ذاتی تفصیلات شیئر نہ کرنے کے باوجود سمیرا افضل اور فرح کے بینک اکاؤنٹس سے بھاری رقوم غائب کی گئیں۔

بقیہ 38

کر کے گرفتار کرلیا، ملزم کی شناخت عبدالرحمن کے نام سے ہوئی، ابتدائی تحقیقات کے مطابق ملزم ڈی سی آفس میں کمپلینٹ جمع کروانے آیا تھا، موبائل فون ضروری قانونی پراسس کے بعد مدعی کے حوالے کیا جائے گا، ایس پی پوٹھوہار نے ملزم کی فوری گرفتاری اور موبائل برآمدگی پر سول لائنز پولیس کو شاباش دی

بقیہ 39

جنہوں نے بے لوث اور ثابت قدمی سے اس مشکل مشن کو پایہ تکمیل تک پہنچایا۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ بٹگرام ریسکیو آپریشن کامیاب رہا، وہ پاک فوج کی اعلیٰ قیادت خاص طور پر آرمی چیف کو مبارکباد دینا چاہتے ہیں۔ انہوں نے مقامی انتظامیہ اور علاقے کے لوگوں کے تعاون کی بھی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ مقامی انتظامیہ اور بٹگرام کے عوام کے بروقت اور موثر ردعمل نے اس آپریشن کی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ بلوچستان حکومت ملک کو دہشت گردی اور دیگر خطرات سے بچانے کی کوششوں میں مسلح افواج کو ہر ممکن تعاون فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 40

دوران اندھیرا ہو جانے کے باوجود چیئر لفٹ ڈولی میں پھنسے تمام 8 افراد بحفاظت ریسکیو کر لیے گئے تھے۔ پاک فوج کی جانب سے ہیلی کاپٹرز کی مدد سے 2 بچوں کو ریسکیو کیے جانے کے بعد چیئر لفٹ ڈولی میں پھنسے باقی تمام افراد کو گراؤنڈ آپریشن کے دوران ریسکیو کیا گیا۔ فضائی آپریشن معطل ہونے کے بعد پاک فوج آپریشن کیلئے شمالی علاقہ جات سے لوکل کیبل کراسنگ ایکسپرٹ لے آئی تھی، چیئر لفٹ ڈولی میں پھنسے افراد کو ریسکیو کرنے کیلئے لوکل کیبل کراسنگ ایکسپرٹ کی خدمات بھی بروئے کار لائی گئیں، متبادل طریقوں سے بھی ریسکیو آپریشن جاری رکھا گیا۔ بٹگرام ریسکیو آپریشن میں 2 بچوں کو ہیلی کاپٹر کے ذریعے بحفاظت نکالنے کے بعد ہیلی کاپٹر آپریشن رات اور موسم کے باعث روک دیا گیا تھا جس کے بعد ایس ایس جی کمانڈوز نے گراؤنڈ سے ریسکیو آپریشن شروع کیا، اس کے ساتھ ایک چھوٹی ڈولی کو اسی تار پر متاثرہ ڈولی کے پاس لے جایا گیا، چھوٹی ڈولی کے ذریعے پھنسے افراد کو ریسکیو کرنے کی کوشش کی گئی۔ دوسری جانب خیبر پختونخوا حکومت نے بٹگرام چیئر لفٹ حادثہ کے بعد صوبہ بھر کی چیئر لفٹس کے معائنہ کی ہدایت کردی

بقیہ 41

۔ اوگرا نے گیس ٹیرف بڑھانے کی منظوری دی، سوئی ناردرن صارفین کیلئے گیس کی قیمت 50 فیصد تک بڑھانے کی منظوری دی گئی، جبکہ سوئی سدرن صارفین کیلئے گیس کے نرخ میں 42 فیصد تک اضافے کی منظوری دی گئی۔ سوئی نادرن صارفین کیلئے گیس نرخ 415 روپے 11 پیسے فی ایم ایم بی ٹی یو بڑھانے کی منظوری دی گئی۔ اسی طرح سوئی سدرن کے صارفین کیلئے نرخ 417 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو بڑھانے کی منظوری دی گئی۔ حکومت اس اضافے کی منظوری دیتی ہے تو سوئی نادرن کے صارفین کا فی ایم ایم بی ٹی یو ریٹ 1238 روپے 68 پیسے ہو جائے گا، جبکہ سوئی سدرن کے صارفین کیلئے نرخ فی ایم ایم بی ٹی یو 1350 روپے 68 پیسے فی یونٹ ہوجائے گا۔

بقیہ 42

تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا، ورکشاپ میں فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی کی ڈاکٹر شہلہ اور ڈاکٹر ارم گل نے 35 لیڈی پولیس افسران اور 20 تفتیشی افسران کو خواتین سے مختلف قسم کی ہراسمنٹ ، تشدد ، زیادتی اور قانونی کارروائی کے متعلق آگاہی لیکچر دیا، ایس ایس پی آپریشنز فیصل سلیم کا کہنا تھا کہ راولپنڈی پولیس تشدد، زیادتی اور ہراسمنٹ کے حوالے سے زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے، اتین اور معاشرے کے کمزور طبقات کے تحفظ کو یقینی بنانا اولین ترجیح ہے

بقیہ 43

ملوث گینگ کے سرغنہ کو ساتھی سمیت گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں گینگ کا سرغنہ حمزہ اور دانش شامل ہیں، ملزمان سے مسروقہ رقم 01 لاکھ 10 ہزار روپے، 02 چوری شدہ موٹرسائیکل، 02 چھینے گئے موٹرسائیکل، 06 موبائل فون اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد ہوا، ایس ایچ او نے بتایا کہ ملزمان کو متعدد وارداتوں کے انکشاف پر شناخت پریڈ کے لیے جیل منتقل کیا گیا ہے، ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان کا کہنا تھا کہ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اولین ترجیح ہے، منظم اور متحرک گینگز کے خلاف کارروائیوں میں تیزی لائی جارہی ہے۔

بقیہ 44

سماعت کیلئے منظور کر لی۔ ہائیکورٹ نے وفاق اور ایڈووکیٹ جنرل آفس کو نوٹس جاری کر کے معاونت کیلئے طلب کرلیا۔ چیف جسٹس نے ڈپٹی اٹارنی جنرل احسن رضا اور اسٹیٹ کونسل کو طلب کرلیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ سول جج کا معاملہ ایڈمنسٹریٹو سائیڈ پر ہے، جوڈیشل سائید پر بھی دیکھیں گے۔ ہمارے پاس اس حوالے سے تفصیلی درخواست آئی ہے، بچوں پر تشدد اور چائلڈ لیبر سے متعلق فیڈریشن کو دیکھنا چاہیئے دوران سماعت چیف جسٹس عامر فاروق نے طیبہ تشدد کیس کا بھی حوالہ دیا۔ چیف جسٹس عامر فاروقی نے ریمارکس دیئے کہ اس سے قبل طیبہ تشدد کیس سمیت متعدد واقعات سامنے آئے، اس درخواست پر وفاق اور ایڈووکیٹ جنرل آفس کو نوٹس کر رہے ہیں۔ اسٹیٹ کونسل نے کہا کہ ہمیں درخواست کی کاپی فراہم کی جائے تاکہ نوٹس کی تیاری کریں۔ عدالت نے کیس کی سماعت غیر معینہ مدت تک ملتوی کردی۔ یاد رہے کہ وفاقی پولیس نے سول جج عاصم حفیظ کو بیان ریکارڈ کروانے کیلئے دوبارہ طلب کر رکھا ہے، عاصم حفیظ کو بطور جج تفتیش میں شامل کرنا مشکل تھا۔ جے آئی ٹی کیلئے عاصم حفیظ کو شامل تفتیش کرنے کی رکاوٹ بھی دور ہوگئی، جے آئی ٹی کی جانب سے جج کو شامل تفتیش کرنے کیلئے لاہور ہائیکورٹ سے رجوع بھی کیا گیا تھا۔ جے آئی ٹی رضوانہ کے والدین اور ملزمہ کا بیان پہلے ہی ریکارڈ کر چکی ہے۔

بقیہ 45

توشہ خانہ سے القادر ٹرسٹ تک کی کرپشن میں ملوث شخص کو بچانے کیلئے عدلیہ سرگرم ہے، عمران خان کیلئے چیف جسٹس آف پاکستان اپنے کیریئر کو داؤ پر لگا رہے ہیں۔ وہ جانتے ہیں یہ شخص کرپٹ ہے اس نے ملک کو تباہ کیا ہے۔ نواز شریف نے مزید کہا سابق چیف جسٹس ثاقب نثار نے کہا تھا کہ نواز شریف اور مریم نواز کو جیل میں ڈالنا ہے اور عمران خان کو لانا ہے۔ یاد رہے کہ قائد مسلم لیگ ن نواز شریف کی وطن واپسی کیلئے لیگل ٹیم نے کام شروع کر دیا۔ لیگل ٹیم نواز شریف پر بنائے گئے کیسز پر عدالتوں میں ریلیف لینے پر غور کرے گی، لیگل ٹیم سابق وزیراعظم کی آمد پر حفاظتی ضمانت لینے کا بھی جائزہ لے گی۔ ذرائع کے مطابق وکلاء کی حتمی رائے کے بعد نواز شریف کو واپسی کی تاریخ دی جائے گی۔ مریم نواز اور حمزہ شہباز کو نواز شریف کے استقبال کی تیاریوں کا ٹاسک دے دیا گیا۔ جبکہ نواز شریف نے کہا کہ میرا دل پاکستان کی چوبیس کروڑ عوام کے ساتھ دھڑکتا ہے، میرا جینا مرنا پاکستان کے ساتھ ہے۔ جلد پاکستان میں عوام کے درمیان موجود ہوں گا، ان شاء اللہ آئندہ انتخابات میں مسلم لیگ ن جیتے گی اور حکومت بنائے گی۔

بقیہ 46

پرانی دشمنی کا شاخسانہ ہے۔ پولیس نے بتایا کہ ملزم فیصل عرف پہلوان نے ناصر محمود اور محمد یامین کو قتل کیا جبکہ احسان نامی زخمی کو تشویشناک حالت میں راولپنڈی اسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ ملزم نے باپ بیٹے کو غلہ منڈی میں دکان پر نشانہ بنایا جبکہ احسان کو محلہ سلیمان پارس میں گھر جا کر نشانہ بنایا، واقعہ پرانی دشمنی کا شاخسانہ ہے۔ دہرے قتل کا ملزم فیصل عرف پہلوان واردات کے بعد فرار ہوگیا تھا تاہم ایلیٹ فورس سوہاوہ نے قتل کے ملزم فیصل پہلوان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزم کو مزید تفتیش کیلئے تھانہ سٹی جہلم منتقل کیا جائے گا۔

بقیہ 47

فرار، پولیس ڈاکوؤں اور چوروں کے سامنے بے بس' 110 سے زائد وارداتوں کے دوران ڈاکوؤں اور چوروں کے گروہ لاکھوں کے زیورات' نقدی' قیمتی سامان' موبائل فونز چھین کر لے گئے جبکہ درجنوں شہریوں کو موٹرسائیکلوں سے محروم کردیا گیا، نہتے شہری جگہ جگہ لٹتے رہے' پولیس ناکہ بندیوں کے باوجود سماج دشمن عناصر کو پکڑنے میں ناکام رہی۔ تفصیلات کے مطابق پیپلز کالونی کے بارونق علاقہ ڈی گراؤنڈ ریل پلازہ کے قریب آئل شاپ پر آنے والے کار سوار ڈاکوؤں نے سیکورٹی گارڈ کو گن پوائنٹ پر یرغمال بنا کر اسکی مشکیں باندھ کر شاپ کے تالے توڑ کر لاکھوں روپے مالیت کے 448 موبل آئل کے ڈبے کار میں لوڈ کر کے فرار ہوگئے۔ غلام محمد آباد میں امانت علی' حمزہ فیاض کی دکانوں کے تالے توڑ کر 10 لاکھ کا سامان لوڈ کر کے فرار ہوگئے

بقیہ 48

ریسکیو ٹیم موقع پر پہنچی تو 58 سالہ ارشد زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ چکا تھا، حادثے کا مرتکب ڈرائیور موقع سے فرار ہوگیا جبکہ زخمی سجاد کو طبی امداد فراہم کرتے ہوئے ہسپتال داخل کروا دیا گیا۔ جبکہ آگ پر قابو پا لیا۔ جبکہ تھانہ گلبرگ کے علاقہ گرونانک پورہ گلی نمبر 15 کے قریب تھرے ڈاکوؤں نے لوٹ مار کے دوران مزاحمت کرنے پر نوجوان نواز ولد حنیف سکنہ 175 ج ب کو گولیاں مار کر بری طرح زخمی کردیا اور موقع سے فرار ہوگئے، تھانہ چک جھمرہ کے علاقہ میں دو گروپوں میں لڑائی ہورہی تھی کہ 26 سالہ شعیب مسیح ولد خالد گھر کی چھت پر لڑائی دیکھنے کیلئے چڑھا تو گولی اسکے جسم میں پیوست ہوگئی اور وہ خون میں لت پت ہوکر گر پڑا تو متحارب گروپ موقع سے فرار ہو گئے، مضروب کو تشویشناک حالت میں الائیڈ ہسپتال منتقل کر دیا۔ دریں اثناء ناولٹی پل کے نیچے لکڑی کے کباڑ کے گودام میں اچانک آگ بھڑک اٹھی جس نے دیکھتے ہی دیکھتے پورے گودام میں اپنی لپیٹ میں لے لیا، اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر آگ پر قابو پا لیا، تاہم بھاری مالیت کی لکڑی جل کر راکھ بن گئی۔

بقیہ 49

کے باوجود روئی سے محروم صنعتی اداروں میں میں محنت کشوں کا استحصال جاری، وفاقی اور صوبائی بجٹ میں حکومت نے تمام نیم سرکاری اور نجی اداروں کے ملازمین کیلئے کم از کم تنخواہ 32 ہزار روپے کرنے کا اعلان کیا تھا، 2 ماہ گزرنے کے باوجود اس کا نوٹیفکیشن ہوا نہ عملدرآمد، جس کی وجہ سے ملازمین پریشانی کا شکار ہیں، ملازمین نے حکومت پنجاب سے اس فیصلے پر فوری عملدرآمد کا مطالبہ کیا ہے تاکہ ملازمین کو مہنگائی میں ریلیف مل سکے۔

بقیہ 50

گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، نوجوان نسل کی رگوں میں منشیات کا زہر اتارنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے ، منشیات اور شراب سپلائرز کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا

بقیہ 51

اقبال ریلوے افسران صحافیوں کے علاوہ رئیل اسٹیٹ کی صنعت سے وابستہ کاروباری شخصیات ڈویلپرز اور پراپرٹی ڈیلرز کی بھاری تعداد موجود تھی، پروجیکٹ ڈائریکٹر بریگیڈیئر محمد محمود اعظم نے کہا کہ بی ایس ایم ڈویلپرز نے ماہرانہ صلاحیتوں کا لوہا منواتے ہوئے پہلے 6 ماہ کے اندر ارلی برڈ بلاک کا قبضہ مالکان کے حوالے کردیا اور نیو میٹرو ہاسنگ 8 ماہ کی ریکارڈ مدت میں پاکستان کی تاریخ میں تیز ترین مکمل ہونے والا پروجیکٹ کہلایا انہوں نے کہا کہ تعلیم، علاج، تفریح اور کاروبار سمیت مقامی لوگوں کی ترجیحات کو مدنظر رکھ کر یہ منصوبہ خطہ پوٹھوہار کیلئے روزگار کے مواقع

بقیہ 52

شہریوں کو انکے قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے

بقیہ 53

کا شبہ ظاہر کیا ہے تاہم مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کردی گئی ہے

بقیہ 54

والے 02 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان کی شناخت ارباب اور احسان کے نام سے ہوئی، ملزمان سے وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ اور 02 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد ہوئے، ملزمان سول پارچات میں خود کو پولیس اہلکار ظاہر کر کے شہریوں کی تلاشی لیتے اور رقم بٹورتے تھے، ملزمان کے ساتھیوں سہولت کاروں کے حوالے سے بھی تفتیش کی جارہی ہے، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے ایس ایچ او کلر سیداں اور ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی

بقیہ 55

کریں گے، خارجیوں کیلئے کھلا پیغام ہے ان میں لمبے عرصے تک لڑائی کی سکت نہیں، ہم نہ اپنے شہدا کی قربانی بھولیں گے نہ آئندہ قربانی سے گریز کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ دہشت گرد غلط سمجھ رہے ہیں ان کا واسطہ کس سے پڑا ہے، یہ گمراہ تھے، یہ گمراہ ہیں، معصوم جانیں لینا کسی طور جائز قرار نہیں دیا جاسکتا۔ نگراں وزیراعظم نے کہا کہ ہم کسی خیرات پر لڑائی نہیں لڑ رہے، ہمارے مجاہدوں کی جو گولیاں چل رہی ہیں وہ آپ کا پیسہ ہے، مسلح افواج کی قربانیوں کا صلہ ان کی عزت اور تکریم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمارا گھر ہے اسے اپنے انداز سے چلائیں گے۔ انوار الحق کاکڑ کا کہنا تھا کہ بٹگرام میں مقامی لوگوں، ضلعی انتظامیہ اور فوج نے مل کر مشترکہ کوششیں کیں، چیئر لفٹ میں پھنسے بچوں کو بچانے کے واقعے کی خوشی منائیں گے، سکول کے بچوں نے جس ہمت کا مظاہرہ کیا وہ قابل ستائش ہے۔ قبل ازیں نگران وزیراعظم نے معروف کاروباری شخصیات سے ملاقات کے دوران خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں بے روزگاری، مہنگائی اور خوراک کی کمی کا سامنا ہے، معاشی چیلنجز سے نمٹنے کی کوششوں میں تاجر برادری کے تعاون کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کا حل خدمت اور عبادت ہے، تاجر برادری ملک میں فنی تربیت کے فروغ میں کردار ادا کرے، ہر ممکن کوشش کریں گے کہ تاجروں کے مسائل حل ہوں، ہم کاروباری طبقے کو سنیں گے، کاروباری طبقہ حکومت، ریاست کو سنے۔ نگران وزیراعظم نے کہا کہ ہمارا مینڈیٹ بہت محدود ہے

بقیہ 56

میں ہونہار طالبہ مریم نواز نے امتیازی نمبروں کے ساتھ نویں جماعت پاس کرلی، یوتھیوں یہ مریم نواز مسلم لیگ ن کی نائب صدر نہیں بلکہ ان کی ہم نام ہیں، مریم نواز دختر نواز احمد قادری نے لاہور بورڈ سے نویں جماعت کا امتحان پاس کیا ہے، رزلٹ کے مطابق مریم نواز نے 550 میں سے 519 نمبر حاصل کئے ہیں جو کہ تقریبا 94% سے زیادہ کی اوسط بنتی ہے، امتحان میں کامیابی کا تناسب 99.35 فیصد رہا۔ اس امتحان میں 2 لاکھ 69 ہزار 493 امیدواروں نے شرکت کی تھی، نویں جماعت کا امتحان حکومت کی کووڈ پالیسی کے تحت لیا گیا تھا۔

بقیہ 57

میٹر اتارنے نہیں دیا جائیگا اس پر ہم سول نافرمانی کی تحریک چلائیں گے ہم کسی ایف آئی آر سے نہیں ڈرتے مقررین نے مزید کہا کہ حکومت اگر چاہتی ہے کہ احتجاج کا دائرہ کار وسیع نہ ہو تو فی الفور ناجائز ٹیکسوں انتہائی مہنگی بجلی یونٹس والے بجلی کے بلوں کو واپس کرے اسمبلیوں میں بیٹھے ہوئے عیاش اور مفادات پرست سیاستدانوں کی عیاشیاں پوری کرنے کے لیے بجلی کے ناجائز ٹیکسوں والے بل کسی صورت منظور نہیں ہیں انہیں جمع نہیں کرائیں گے بجلی کے ان بلوں کو آگ لگا کر مظاہرین نے نامنظور نامنظور بلوں پر ظالمانہ ناجائز ٹیکس نامنظور عوام پر ظلم بند کرو جیسے نعرے لگائے جبکہ ان ہونے والے احتجاجی مظاہروں میں کسی بھی پارٹی کے مقامی نمائندگان کی جانب سے اپنے مقامی لوگوں کی آواز نہ بننا اور کسی بھی قسم کا بیان نہ دینے پر عوامی حلقوں نے شدید ردعمل کا اظہار کیا

بقیہ 58

بنائی گئی ہیں۔ دریائے ستلج میں محن آباد کی حدود میں بابا فرید پل پر اونچے درجے کا سیلاب ہے، سیلابی پانی کے بہا میں اضافے سے 150 سے زائد آبادیوں کا زمینی رابط منقطع ہوگیا۔ کھیتوں اور گزرگاہوں پر 7 سے 8 فٹ پانی جمع ہو چکا ہے، لوگ گھروں میں محصور ہو کر رہ گئے، علاقہ میں ہنگامی بنیادوں پر ریسکیو آپریشن جاری ہے۔ دوسری جانب دریائے ستلج میں بھوکاں پتن کے مقام پر پانی کی سطح مسلسل بلند ہورہی ہے، 35 سال بعد آنے والا پانی کا بڑا ریلہ بہاولنگر کی حدود میں داخل ہوکر بھوکاں پتن کے مقام سے گزر رہا ہے، ہیڈ سلیمانکی کے مقام پر پانی کی سطح 155330 کیوسک ہے۔ پانی کے تیز بہا سے حفاظتی بند ٹوٹنے سے جاویکا، ماڑی میاں صاحب، ستیکا کے متعدد چکوک ڈوب گئے، متاثرہ علاقوں سے رہائشی افراد محفوظ مقامات پر منتقل ہو رہے ہیں، مختلف مقامات پر شاہراہیں پانی میں بہہ گئیں، 50 سے زائد آبادیوں کا زمینی راستہ منقطع ہوگیا ہے۔

بقیہ 59

ہدایت پر فیکٹری ایریا کے سامنے گندگی کے ڈھیر کی جگہ پر شجرکاری عمل شروع کر دیا گیا ہے۔ بیگم کوٹ سے فرخ آباد کے دو سے اڑھائی کلومیٹر کے راستے کے اطراف پر خالی جگہ پر 6 سے 8 فٹ کے 700 سایہ دار درختوں کی شجرکاری کے عمل کو مکمل کر لیا گیا ہے۔ اس جگہ پر پلکن بوڑی، املتاس، ارجن، نیم اور سکھ چین سمیت دیگر اقسام کے درخت لگائے گئے ہیں۔ زونل انچارج جاوید حامد، سپروائزرز رانا مقصود اور محمد ندیم نے اپنی نگرانی میں صفائی اور شجرکاری کے عمل کو مکمل کروایا ہے

بقیہ 60

م عدنان کو گرفتار کر لیا ، اشتہاری مجرم ریحان سال 2021 اور اشتہاری مجرم سال 2020 سے وارث خان پولیس کو مطلوب تھے، ایس پی راول فیصل سلیم کا کہنا تھا کہ اشتہاری مجرمان اور انکے سہولت کاروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

بقیہ 61

تفتیشی افسر نے سینیٹر اعجاز چوہدری کے جوڈیشل ریمانڈ میں توسیع کی استدعا کی اور عدالت کو بتایا کہ مقدمہ کا چالان تیاری کے آخری مرحلہ میں ہے، جلد پیش کر دیا جائے گا، مہلت دی جائے۔ عدالت نے کیس کی مختصر سماعت کے بعد اعجاز چوہدری کے جوڈیشل ریمانڈ میں 13 روز کی توسیع کردی

بقیہ 62

کی صفائی کی ناقص صورتحال پر سخت برہمی کا اظہار کیا اور متعلقہ حکام کی سرزنش کی۔ اے ڈی سی جی نے ہسپتال میں ڈاکٹر علی احمد بلوچ، ڈاکٹر جہانزیب بلوچ، ڈاکٹر نعیم بلوچ، ڈاکٹر کوثر اور ڈاکٹر یاسمین کو ڈیوٹی پر پایا اور ان کی کارکردگی کو سراہا اور غیر حاضر ڈاکٹروں کے خلاف کارروائی کے احکامات بھی جاری کئے

بقیہ 63

ڈینگی سے ایک شخص متاثر ہوا۔ ڈی ایچ او رپورٹ کے مطابق اسلام آباد کے دیہی علاقوں میں ڈینگی کیسز کی مجموعی تعداد 21 ہوگئی ہے، شہری علاقوں میں ڈینگی سے اب تک 12 افراد متاثر ہوئے۔ حکام کے مطابق اسلام آباد کے پمز ہسپتال میں ڈینگی سے متاثرہ ایک شخص زیر علاج ہے، اس کے علاوہ ہولی فیملی ہسپتال میں 4، ڈی ایچ کیو میں 8 ڈینگی کے مریض زیر علاج ہیں۔ اسلام آباد کے نجی ہسپتالوں میں بھی ڈینگی سے متاثرہ 18 مریضوں کا علاج جاری ہے۔

بقیہ 64

حکومتی اداروں نے توجہی دی ہے اور نہ ہی منتخب نمائندوں نے توجہ دی ہے۔ روڈ کی حالت زار ہونے پر گاؤں چاہ تمولی نمبر (ون) گاؤں چاہ تمولی نمبر (ٹو) گاؤں جنے کا قبہ سمیت ملحقہ علاقے کے مکینوں نے حلقہ کے نمائندوں اور نگران حکومت سے روڈ کے پیچ ورک یا تعمیر نو کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 65

ہفتے کے تیسرے روز اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی قدر میں 3 روپے کا اضافہ ہوا ہے جس کے بعد امریکی کرنسی 315 روپے پر فروخت ہو رہی ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز انٹربینک میں ڈالر 1 روپے 87 پیسے اضافے کے ساتھ 299 روپے کا ہوگیا تھا، اس سے قبل انٹربینک میں ڈالر 11 مئی کو 298 روپے 93 پیسے پر بند ہوا تھا۔ آئی ایم ایف سے قرض کی منظوری کے بعد سے ڈالر کی قیمت میں 23 روپے 56 پیسے کا اضافہ ہوا، روپے کی قدر میں 4 جولائی سے اب 7.9 فیصد کی کمی ہوئی۔ گزشتہ روز اوپن مارکیٹ میں ڈالر 8 روپے مہنگا ہوکر 312 روپے کا ہوگیا تھا جبکہ نگران حکومت کے 11 روز میں ڈالر تقریباً 10 روپے مہنگا ہوا جبکہ صرف 8 کاروباری روز میں روپے کی قدر 3 فیصد سے زائد گر چکی ہے۔ معاشی ماہرین کے مطابق بیرونی کمپنیز پر ڈالرز میں منافع باہر لے جانے پر بھی پابندی ہٹنے اور امپورٹ پر تمام پابندیاں ختم کرنے سے روپے کی قدر پر دباؤ بڑھ گیا ہے۔

بقیہ 66

ٹریفک کے لئے کھول دیا گیا ہے، تاکہ مین ڈیم سائٹ کو بائی پاس کیا جاسکے اور مین ڈیم کے بائیں کنارے کی کھدائی کی جاسکے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ان ٹیک، پاور ہاس، ٹیل ریس ٹنل، سرج چیمبر اور ٹرانسفارمرز ہال کے لئے کھدائی کا عمل جاری ہے ، 4 ہزار 320 میگاواٹ پیداواری صلاحیت کے داسو ہائیڈرو پاور پراجیکٹ کو دو مراحل میں مکمل کیا جائے گا، دو ہزار 160 میگاواٹ کے زیرتعمیر پہلے مرحلے سے 2026 میں بجلی کی پیداوار شروع ہو جائے گی۔ بریفنگ کے دوران چیئرمین واپڈا کو بتایا گیا کہ اس وقت منصوبے کی 10 سائٹس پر بیک وقت تعمیراتی کام جاری ہے، ان سائٹس میں مستقل پل، ڈائی ورشن ٹنل، ڈیم کے دائیں اور بائیں کناروں پر کھدائی اور لو لیول آٹ لٹ (Lowlevel outlet) قابل ذکر ہیں۔ چیئرمین نے پراجیکٹ حکام کو ہدایت کی کہ شیڈول کے مطابق دریا کا رخ موڑنے کا عمل رواں سال نومبر میں مکمل کیا جائے۔ قبل ازیں چیئرمین واپڈا نے دیامر بھاشا ڈیم پراجیکٹ کا دورہ کیا اور منصوبے کی مختلف سائٹس پر تعمیراتی سرگرمیوں کا جائزہ بھی لیا۔ دیامر بھاشا ڈیم کی تکمیل 2027-28 میں شیڈول ہے، ڈیم میں پانی ذخیرہ کرنے کی گنجائش 8 اعشاریہ ایک ملین ایکڑ فٹ ہے جس سے 12 لاکھ 30 ہزار ایکڑ اضافی اراضی زیر کاشت آئے گی، جبکہ پراجیکٹ سے 4 ہزار 500 میگاواٹ سستی پن بجلی بھی میسر ہوگی۔

دہشتگردی کی کارروائیوں سے قوم کے حوصلے پست نہیں ہوسکتے، وزیراعلیٰ بلوچستان

میر علی مردان خان ڈومکی نے جنوبی وزیرستان میں دہشت گردوں کی فائرنگ کے واقعہ کی مذمت کی ہے

نگران وزیراعلیٰ بلوچستان میر علی مردان خان ڈومکی نے پاک فوج کے 6 جوانوں کی شہادت پر دکھ و افسوس کا اظہار کیا

کوئٹہ (خصوصی رپورٹر) نگران وزیراعلیٰ بلوچستان میر علی مردان خان ڈومکی نے جنوبی وزیرستان میں دہشت گردوں کی فائرنگ کے واقعہ کی مذمت کی ہے۔ نگران وزیراعلیٰ بلوچستان میر علی مردان خان ڈومکی نے پاک فوج کے 6 جوانوں کی شہادت پر دکھ و افسوس کا اظہار کیا اور ان کے درجات کی بلندی و سوگوار خاندانوں کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔ اپنے مذمتی بیان میں نگران وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پاک فوج کے جوانوں نے جوانمردی سے مقابلہ کرتے ہوئے چار دہشت گردوں کو کیفر کردار تک پہنچایا، ہمیں اپنی سیکورٹی فورسز پر فخر ہے جنہوں نے ہمیشہ دہشتگردوں اور تخریب کاروں کے ناپاک عزائم ناکام بنائے۔ میر علی مردان خان ڈومکی نے مزید کہا ہے کہ دہشت گردی کی بزدلانہ کارروائیوں سے قوم کے حوصلے پست نہیں ہو سکتے، پوری قوم اپنے سکیورٹی اداروں کے (بقیہ نمبر 33)

اسلام آباد: الیکشن کمیشن سے ملاقات، مسلم لیگ ن نے 7 رکنی وفد تشکیل دیدیا: مریم اورنگزیب

عام انتخابات سے متعلق مشاورت، الیکشن کمیشن نے سیاسی جماعتوں کے سربراہوں کو بلالیا

چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے انتخابی نتائج مرتب کرنے کے نظام پر اطمینان کا اظہار کیا

عمران خان کو 24 اگست، شہباز شریف کو 25 اگست اور آصف زرداری کو 29 اگست کو مدعو کرلیا گیا، مراسلہ ارسال

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) الیکشن کمیشن نے پیپلز پارٹی اور ن لیگ کی قیادت کو مدعو کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق الیکشن کمیشن کی عام انتخابات کیلئے سیاسی جماعتوں سے مشاورت کے معاملے پر اہم پیشرفت ہوئی ہے۔ الیکشن کمیشن نے چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان، صدر مسلم لیگ ن شہباز شریف اور سابق صدر آصف زرداری سمیت دیگر سیاسی جماعتوں کے سربراہوں کو مشاورت کیلئے مدعو کرلیا۔ الیکشن کمیشن نے عمران خان، شہباز شریف اور آصف زرداری سمیت دیگر کو مراسلے بھیج دیئے۔ عمران خان کو 24 اگست دن 2 بجے بلایا گیا ہے، مسلم لیگ ن کو 25 اگست دن 11 بجے، جبکہ پیپلز پارٹی کو 29 اگست سہ پہر 3 بجے مدعو کیا گیا۔ سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمٰن کو 24 اگست دن 3 بجے بلایا گیا ہے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق انتخابی فہرستوں کی اشاعت اور (بقیہ نمبر 32)

راولپنڈی: دہشتگردوں اور سہولت کاروں کو ہتھیار ڈالنے تک نہیں چھوڑیں گے، آرمی چیف

پی ٹی آئی کو لانے کی بات کرنے والوں پر زمین تنگ کردیں گے

پاکستان کے خلاف سازش 2014 میں ڈالی گئی، سابق اسپیکر قومی اسمبلی

عمران خان کو قوم میں نفرتیں پیدا کرنے کے لیے بھیجا گیا تھا، ایاز صادق کا بیان

اسلام آباد (خبر نگار) سابق اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی کو لانے کی بات کرنے والوں پر زمین تنگ کردیں گے۔ میڈیا کے مطابق انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کے خلاف سازش 2014 میں ڈالی گئی، عمران خان کو قوم میں نفرتیں پیدا کرنے کے لیے بھیجا گیا تھا۔ 9 مئی کا واقعہ بھی منصوبہ بندی کے تحت ہوا۔ انہوں نے وہ کام کیا جو بھارت کی فوج کرنا چاہتی تھی۔ سابق اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ جو لوگ پی ٹی آئی کی بات کریں گے میں ان کا راستہ روکوں گا۔ پی ٹی آئی کو (بقیہ نمبر 34)

اندرون شہر کے دروازوں کی بحالی کا منصوبہ

سیکرٹری بلدیات ڈاکٹر ارشاد احمد نے پی سی ون کی منظوری دے دی

لاہور کے تاریخی دروازوں کو اصل حالت میں بحال کیا جائے گا۔ سیکرٹری بلدیات

لاہور (جنرل رپورٹر) سیکرٹری بلدیات ڈاکٹر ارشاد احمد نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایات پر لاہور کے تاریخی دروازوں کو اصل حالت میں بحال کرکے تفریحی سرگرمیوں کو فروغ دیا جائے گا وہ بدھ کے روز ڈپارٹمنٹل ڈویلپمنٹ سب کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔ اجلاس میں انہوں نے لاہور کے تاریخی دروازوں کی بحالی کے لیے پی سی ون کی منظوری دی اور کہا کہ اس منصوبے کی ایڈمنسٹریٹیو منظوری دے جا رہی ہے۔ والڈ سٹی کو دروازوں کی بحالی کے لیے جون 2024 (بقیہ نمبر 35)

عدالتِ عالیہ بلوچستان

کوئٹہ: بلوچستان کی آبادی میں کمی کا معاملہ، درخواست قابل سماعت ہونے پر فیصلہ محفوظ

بٹگرام چیئر لفٹ کے مالک کو حراست میں لے لیا گیا

ضلعی انتظامیہ نے چیئر لفٹ کنٹرول روم کو تالے لگا دیئے

پشاور (خبر نگار) بٹگرام چیئر لفٹ کے مالک کو حراست میں لے لیا گیا۔ مقامی تھانہ بھنہ پولیس کی جانب سے چیئر لفٹ کے مالک کو حراست میں لیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ نے چیئر لفٹ کنٹرول روم کو تالے لگا دیئے۔ نجی چیئر لفٹ کے مالک کو حراست میں لینے کے بعد مزید تحقیقات کی جا رہی ہیں۔ ضلع بٹگرام میں منگل کی صبح 7 بجے سے پھنس جانے والی چیر لفٹ ڈولی میں موجود تمام افراد کو تقریباً 16 گھنٹوں بعد ریسکیو کیا گیا تھا، مقامی کیبل کراسنگ ماہرین کی آمد کے بعد شروع کیے گئے گراونڈ آپریشن کے (بقیہ نمبر 40)

نگران وزیر اطلاعات بلوچستان کا بٹگرام میں کامیاب ریسکیو آپریشن پر پاک فوج کو خراج تحسین پیش

کوئٹہ (نیوز رپورٹر) بلوچستان کے نگران وزیر اطلاعات جان اچکزئی نے بٹگرام میں کامیاب ریسکیو آپریشن پر پاک فوج کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے آپریشن کی کامیابی پر انتظامیہ، عوام اور بہادر فوجی جوانوں کا شکریہ ادا کیا (بقیہ نمبر 39)

کمشنر آفس میٹنگ روم سے موبائل چوری کا معاملہ

سول لائنز پولیس نے ملزم کو ٹریس کر کے گرفتار کرلیا، موبائل برآمد

ایس پی پوٹھوہار نے ملزم کی فوری گرفتاری اور موبائل برآمدگی پر سول لائنز پولیس کو شاباش دی

راولپنڈی نیوز رپورٹر) کمشنر آفس میٹنگ روم سے موبائل چوری کا معاملہ، سول لائنز پولیس نے ملزم کو ٹریس کر کے گرفتار کرلیا، موبائل برآمد۔ تفصیلات کے مطابق مدعی ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر نے موبائل چوری کے حوالے سے درخواست دی تھی، درخواست وصول ہونے پر مقدمہ درج کر کے سول لائنز پولیس نے ملزم کو ٹریس کر کے گرفتار کرلیا، ملزم کی شناخت عبدالرحمٰن کے نام سے ہوئی، ابتدائی تحقیقات کے مطابق ملزم ڈی سی آفس میں کمپلینٹ جمع کروانے آیا تھا، موبائل فون ضروری قانونی پراسس کے بعد مدعی کے حوالے کیا جائے گا، ایس پی پوٹھوہار نے ملزم کی فوری گرفتاری اور موبائل برآمدگی پر سول لائنز پولیس کو شاباش دی۔ کمشنر آفس میٹنگ روم سے موبائل چوری کا معاملہ، سول لائنز پولیس نے ملزم کو ٹریس کر کے گرفتار کرلیا، موبائل برآمد۔ تفصیلات کے مطابق مدعی ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر نے موبائل چوری کے حوالے سے درخواست دی تھی، درخواست وصول ہونے پر مقدمہ درج کر کے سول لائنز پولیس نے ملزم کو ٹریس (بقیہ نمبر 38)

صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کی بینکنگ فراڈ متاثرین کو 41 لاکھ روپے واپس دلانے کی ہدایت

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے فراڈ متاثرین کو 41 لاکھ روپے واپس دلانے کی ہدایت کرتے ہوئے بینکنگ محتسب کے فیصلوں کے خلاف مسلم کمرشل بینک کی 3 اور الائیڈ بینک کی ایک اپیل مسترد کردی۔ بدھ کو ایوان (بقیہ نمبر 37)

اسلام آباد ہائیکورٹ، ایل این جی کیس کا ٹرائل فوری روکنے کی استدعا مسترد

میرے تین موکل اس کیس میں بے گناہ ہیں، ان پر کوئی الزام ثابت نہیں ہوا، وکیل احمر بلال صوفی

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) اسلام آباد ہائی کورٹ نے ایل این جی کیس کا ٹرائل فوری روکنے کی استدعا مسترد کردی۔ بدھ کو چیف جسٹس عامر فاروق اور جسٹس طارق محمود پر مشتمل دو رکنی بینچ نے شاہد خاقان عباسی کے تین شریک ملزمان کی درخواست پر سماعت کی۔ ملزمان کی جانب سے سینئر وکیل احمر بلال صوفی نے عدالت میں پیش ہو کر کہا کہ میرے تین موکل اس کیس میں بے گناہ ہیں، ان پر کوئی الزام ثابت نہیں ہوا تاہم احتساب عدالت نے تین سال سے زائد عرصے تک کیس زیر التوا رکھا ہے۔ (بقیہ نمبر 36)

نگران حکومت کا آئی ایم ایف کے ساتھ پہلا باضابطہ رابطہ

گیس سیکٹر میں گردشی قرضوں میں کمی کیلئے نئے پلان پر بات چیت کی گئی

سوئی ناردرن صارفین کیلئے گیس کی قیمت 50 فیصد تک بڑھانے کی منظوری دی گئی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) نگران حکومت نے آئی ایم ایف کے ساتھ پہلا باضابطہ رابطہ کرلیا، وزارتِ خزانہ اور آئی ایم ایف کے درمیان ورچوئل رابطہ ہوا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق آئی ایم ایف کے ساتھ رابطے میں گیس سیکٹر میں گردشی قرضوں میں کمی کیلئے نئے پلان پر بات چیت کی گئی، آئی ایم ایف نے گیس سیکٹر میں گردشی قرضوں میں کمی کے پلان پر مزید وضاحت مانگی۔ ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا کہ گیس سیکٹر کے گردشی قرضے میں کمی کیلئے ڈیویڈنڈا اسکیم متعارف کرائی گئی، ڈیویڈنڈا پلگ ان بیک اسکیم سے گردشی قرضے میں 400 ارب سے زائد کی کمی ہوگی۔ پلگ ان بیک اسکیم سے گیس سیکٹر کا گردشی قرضہ کم ہو کر 1200 ارب رہ جائے گا۔ ذرائع وزارتِ خزانہ کے مطابق نگران وزیرخزانہ ڈاکٹر شمشاد اختر آئی ایم ایف سے بات چیت کریں گی، آئندہ ماہ وزارتِ خزانہ اور آئی ایم ایف کے درمیان باقاعدہ اقتصادی جائزہ مذاکرات شروع کریں گے۔ یاد رہے کہ گزشتہ ماہ صارفین کیلئے گیس مہنگی کرنے کی منظوری دی تھی (بقیہ نمبر 41)

سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں تربیتی ورکشاپ کا انعقاد

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں تربیتی ورکشاپ کا انعقاد، ورکشاپ میں فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی کی ڈاکٹر شہلہ اور ڈاکٹر ارم گل نے 55 پولیس افسران کو خواتین سے مختلف قسم کی ہراسمنٹ، تشدد، زیادتی اور قانونی کارروائی کے متعلق آگاہی لیکچر دیا، خواتین اور معاشرے کے کمزور طبقات کے تحفظ کو یقینی بنانا اولین ترجیح ہے، ایس ایس پی آپریشنز۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس آفیسر سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں (بقیہ نمبر 42)

سٹریٹ کرائم اور موٹرسائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگ کا سرغنہ ساتھی سمیت گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) ائیرپورٹ پولیس کی اہم کارروائی، سٹریٹ کرائم اور موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگ کا سرغنہ ساتھی سمیت گرفتار، مسروقہ رقم 01 لاکھ 10 ہزار روپے، 02 چوری شدہ موٹرسائیکل، چھینے گئے 02 موٹرسائیکل، 06 موبائل فون اور اسلحہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق ائیرپورٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم اور موٹرسائیکل چوری کی وارداتوں میں (بقیہ نمبر 43)

رضوانہ تشدد کیس، سول جج کو نوکری سے برخاست کرنے کی درخواست سماعت کیلئے منظور

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سول جج کو نوکری سے برخاست کرنے کی درخواست سماعت کیلئے منظور کرلی گئی۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ہائیکورٹ میں گھریلو ملازمہ رضوانہ پر سول جج عاصم حفیظ کی اہلیہ کے تشدد سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی، چیف جسٹس عامر فاروق نے سول سوسائٹی کی درخواست پر سماعت کی۔ عدالت نے سول جج عاصم حفیظ کو نوکری سے برخاست کرنے کی درخواست (بقیہ نمبر 44)

عمران خان کیلئے چیف جسٹس اپنے کیریئر کو داؤ پر لگا رہے ہیں، نواز شریف

چیئرمین پی ٹی آئی نے ملک کو تباہ کیا، عمران خان کو جنرل باجوہ اور جنرل فیض حمید لائے تھے، سابق وزیراعظم کی گفتگو

جلد پاکستان میں عوام کے درمیان موجود ہوں گا، ان شاءاللہ آئندہ انتخابات میں مسلم لیگ ن جیتے گی اور حکومت بنائے گی

لندن (نیوز ڈیسک) نواز شریف کا کہنا ہے کہ عمران خان کیلئے چیف جسٹس اپنے کیریئر کو داؤ پر لگا رہے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سابق وزیراعظم نواز شریف نے لندن میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کو جنرل ریٹائرڈ قمر جاوید باجوہ اور جنرل فیض حمید لائے تھے، سپریم کورٹ کے سابق چیف جسٹس صاحبان کے بارے میں اندر سے گواہیاں آرہی ہیں۔ اس وقت کے چیف جسٹس نواز شریف کو دیوار سے لگانے میں مصروف تھے، آج کے چیف جسٹس عمران خان کو بچانے میں لگے ہیں۔ مسلم لیگ ن کے قائد کا الزام عائد کرتے ہوئے کہنا تھا کہ (بقیہ نمبر 45)

لاہور: محسن نقوی کی اشیائے ضروریہ کی مقررہ نرخوں پر فروخت یقینی بنانے کی ہدایت

NEW METRO CITY
GUJAR KHAN

گوجرخان: ریلوے کے ڈویژنل ایگزیکٹو انجینئر محمد عمران کا نیو میٹرو سٹی ہاؤسنگ میں ریلوے انڈر پاس گرینڈ رارتھ بریکنگ کا افتتاح اور گروپ فوٹو

فیصل آباد، ڈمپر کی ٹکر لگنے سے ریڑھی بان جاں بحق

ڈاکوؤں نے لوٹ مار کے دوران مزاحمت پر نوجوان کو گولیاں ماردیں

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) ڈمپر کی ٹکر لگنے سے ریڑھی بان جاں بحق، ڈاکوؤں نے لوٹ مار کے دوران مزاحمت پر نوجوان کو گولیاں مار دیں، مسلح گروپوں میں تصادم کے دوران گولی لگنے سے راہگیر زخمی ہوگیا، ناولٹی پل کے نیچے لکڑی کے گودام میں آگ لگنے سے لاکھوں کا نقصان، ریسکیو 1122 کی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر نعشوں کو تحویل میں لیکر پولیس کے حوالے کردیا تفصیلات کے مطابق جڑانوالہ کے علاقہ شیروآنہ پل کے قریب تیز رفتار ڈمپر اور گدھا ریڑھی میں تصادم کے باعث ریڑھی بان 58 سالہ ارشد ولد محمد عالم اور اسکا بھائی 55 سالہ سجاد ولد عالم بری طرح زخمی ہو گئے، اطلاع ملتے ہی (بقیہ نمبر 48)

فیصل آباد شہر اور گردونواح میں ڈکیتی، چوری اور راہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری،

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) فیصل آباد شہر اور گردونواح میں ڈکیتی، چوری اور راہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری، ڈاکوؤں کا گروہ ڈی گراؤنڈ میں آئل شاپ سمیت 4 دکانوں کو لوٹ کر (بقیہ نمبر 47)

جہلم، پرانی دشمنی پر باپ بیٹے کو موت کے گھاٹ اتار دیا، ملزم گرفتار

جاں بحق افراد اور زخمیوں کو ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے

جہلم (نیوز رپورٹر) پرانی دشمنی پر باپ بیٹے کو موت کے گھاٹ اتار دیا گیا، پولیس نے قتل کے ملزم فیصل پہلوان کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق جہلم کی غلہ منڈی میں کریانہ اسٹور پر ملزمان نے اندھادھند فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں باپ بیٹے جاں بحق اور 2 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ جاں بحق افراد اور زخمیوں کو ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے، فائرنگ کا واقعہ (بقیہ نمبر 46)

نیو میٹرو سٹی گوجرخان اور پاکستان ریلویز کی ڈویژنل انتظامیہ مابین ریلوے ٹریک کے انڈر پاس بنانے کے حوالے سے معاملات طے

ریلوے انڈر پاس، گرینڈ ارتھ بریکنگ، بٹرفلائی گارڈن، مسجد فرخ کی افتتاحی تقریب میں ریلوے ایگزیکٹو انجینئر محمد عمران کی شرکت

ہاؤسنگ سوسائٹی سے گذرنے والے نالہ کی دیدہ زیب پختگی اور رابطہ پلوں کی تعمیر سے مقامی آبادی کے درپیش مسائل حل ہونگے

گو جر خان (قمر شہزاد) پاکستان ریلویز کی ڈویژنل انتظامیہ نے گوجرخان میں نیو میٹرو سٹی ہاسنگ سوسائٹی منصوبہ کو سراہتے ہوئے انتظامیہ کو مبارکباد کیساتھ واضح کر دیا ہے کہ ریلوے ٹریک انڈر پاس کی تعمیر کے دوران ریلوے مسافروں کو کسی بھی دشواری کا سامنا نہیں کرنا پڑیگا تعمیراتی کام کے دوران تمام ٹرینوں کی آمدورفت متبادل ٹریک پر رواں رکھنے کیلئے مکمل منصوبہ بندی کرلی گئی ہے ریلوے پاکستان اپنی پالیسی کے تحت متبادل ٹریک کا آغاز کردیا گیا ہے یہ ٹریک 30 سے 45 دنوں میں مکمل ہوگا اور ٹریک کی تکمیل کے بعد نیو میٹرو سٹی ہاوسنگ سوسائٹی انڈر پاس کی تعمیر شروع کر سکے گی جس سے نیو میٹرو سٹی اور اسکے چاروں اطراف بستوں کے مکینوں کو ریلوے ٹریک کے دونوں اطراف آمدورفت میں انتہائی آسانی ہوگی ان خیالات کا اظہار ریلوے کے ڈویژنل ایگزیکٹو انجینئر محمد عمران نے بی ایس ایم ڈویلپرز کی نیو میٹرو سٹی ہاوسنگ سوسائٹی گوجرخان میں ریلوے انڈر پاس گرینڈ ارتھ بریکنگ کے علاوہ اے ساتھ بلاک بٹر فلائی گارڈن اے ساتھ بلاک گلشن فاطمہ اور اے ساتھ بلاک مسجد فرخ تقریب سے خطاب میں کیا اس موقع پر بی ایس ایم ڈویلپرز کے نیو میٹرو سٹی ہاسنگ کے پروجیکٹ ڈائریکٹر بریگیڈیئر محمد محمود اعظم ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ نوید نتھ نے بھی خطاب کیا جبکہ ہیڈ آف ایڈمن اینڈ سکیورٹی لیفٹننٹ کرنل ر ندیم (بقیہ نمبر 51)

راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کارروائی

10 ملزمان گرفتار، ساڑھے 06 کلو سے زائد چرس اور 36 لیٹر شراب برآمد

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کارروائی، 10 ملزمان گرفتار، ساڑھے 06 کلو سے زائد چرس اور 36 لیٹر شراب برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق روات پولیس نے ملزم رحمان اللہ سے 01 کلو 530 گرام چرس، بنی پولیس نے ملزم رحمان اللہ سے 1 کلو 260 گرام چرس، صادق آباد پولیس نے ملزم وسیم سے 1 کلو 250 گرام چرس، ٹیکسلا پولیس نے ملزم ابراہیم سے 1 کلو 200 گرام چرس، پیرودھائی پولیس نے ملزم شبیر سے 680 گرام چرس، نصیر آباد پولیس نے ملزم توقیر سے 550 گرام چرس، ملزم مطلوب حسین سے 20 لیٹر شراب، بنی پولیس نے ملزم بلال سے 550 گرام چرس، کہوٹہ پولیس نے ملزم شوکت سے 10 لیٹر شراب، گنجمنڈی پولیس نے ملزم نبیل سے 06 لیٹر شراب برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز فیصل سلیم کا کہنا تھا کہ (بقیہ نمبر 50)

حکمران غریبوں سے مخلص نہیں بلکہ غربت مکاؤ کے نعرے کی آڑ میں غریب مکاؤ پالیسی اختیار کرلی

جاتی امراء (نیوز رپورٹر) حکمران غریبوں سے مخلص نہیں بلکہ غربت مکاؤ کے نعرے کی آڑ میں غریب مکاؤ پالیسی اختیار کرلی ہے، کتنی ستم ظریفی کی بات ہے کہ بجٹ میں حکومتی اعلان کے باوجود نیم سرکاری اور نجی اداروں میں ملازمین کی کم ازکم تنخواہ 32 ہزار روپے پر عملدرآمد نہ ہوسکا، مہنگائی کا جن بے قابو دن رات خون پسینہ بہانے والے محنت (بقیہ نمبر 49)

لاہور: چیف جسٹس کی چیئرمین پی ٹی آئی کی وکالت سابق وزیراعظم کو اچھا نہیں بنا سکتی: مریم

موٹرسائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 04 ملزمان گرفتار

موٹرسائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 04 ملزمان کو گرفتار کرلیا، واہ کینٹ پولیس

شہریوں کو انکے قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) واہ کینٹ پولیس کی موثر کارروائی، موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 04 ملزمان گرفتار، چوری شدہ 04 موٹرسائیکل اور اسلحہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق واہ کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹرسائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 04 ملزمان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کی شناخت صباحت، نور اللہ، عبداللہ اور عمر کے نام سے ہوئی، ملزمان سے چوری شدہ 04 موٹرسائیکل اور اسلحہ برآمد کرلیا، ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان نے ایس ایچ او واہ کینٹ اور ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہنا تھا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، (بقیہ نمبر 52)

خود کو پولیس اہلکار ظاہر کرکے شہریوں سے رقم بٹورنے والے 02 ملزمان گرفتار، کلر سیداں پولیس

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) کلر سیداں پولیس کی اہم کاروائی، خود کو پولیس اہلکار ظاہر کرکے شہریوں سے رقم بٹورنے والے 02 ملزمان گرفتار، وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ اور 02 مسروقہ موٹرسائیکل برآمد۔ تفصیلات کے مطابق کلر سیداں پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے خود کو پولیس اہلکار ظاہر کرکے شہریوں سے رقم بٹورنے (بقیہ نمبر 54)

مقامی سیاسی پارٹیوں کے تمام نمائندوں کی معنی خیز خاموشی پر شدید عوامی ردعمل

دیہاڑی دار خوددار طبقے کی نظریں گوجرخان بار ایسوسی پریس کلب اور تاجر تنظیموں پر مرکوز

گوجرخان کے شرقی علاقے اسلام پورہ جبر میں بجلی کے بل نظر آتش کردیئے گئے

ہم سول نافرمانی کی تحریک چلائیں گے، ہم کسی ایف آئی آر سے نہیں ڈرتے مقررین

گوجرخان (قمر شہزاد) بجلی کے بھاری بھرکم بلوں میں ہوشربا ٹیکسوں کا نفاذ تمام پارٹیوں کے عوامی منتخب نمائندے خاموش تماشائی کا کردار ادا کرنے میں مصروف سیاسی نمائندے ٹس سے مس نہیں جسکے باعث عوامی نمائندوں پر کہیں سوالات جنم لینے لگے بھاری بھرکم بلوں کی وجہ سے اہلیان تحصیل گوجرخان شدید اضطراب کا شکار بجلی کے بلوں نے غریب دیہاڑی دار طبقے کی کمر توڑ کر رکھ دی مزدور طبقہ فاقہ کشی پر مجبور اہلیان گوجرخان غریب دیہاڑی دار، خوددار طبقے کی نظریں گوجرخان بار ایسوسی ایشن اور پوٹھوہار پریس کلب اور تاجر تنظیموں پر مرکوز دیگر کچھ شہروں کی طرح آج تحصیل گوجرخان کے شرقی علاقہ اسلام پورہ جبر میں بجلی بلوں میں ظالمانہ ٹیکسوں کے نفاذ اور آسمان سے باتیں کرتے بجلی نرخوں کے خلاف احتجاجی ریلی و مظاہرہ کیا گیا جس میں کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی لوگوں نے بجلی کے بلوں کو جلا کر بل نہ جمع کروانے کا عندیہ دیتے ہوئے مقررین نے اعلان کرتے ہوئے کہا کہ کسی واپڈا اہلکار کو بجلی کا (بقیہ نمبر 57)

طالبہ کی ایک مضمون میں فیل ہونے پر خودکشی

طالبہ کی لاش پوسٹمارٹم کے بعد اہل خانہ کے حوالے کردی گئی ہے

رحیم یار خان (نیوز رپورٹر) ایک مضمون میں فیل ہونے پر نویں کلاس کی طالبہ نے خودکشی کرلی۔ تفصیلات کے مطابق رحیم یار خان میں نویں جماعت کے امتحانات میں طالبہ نے ایک مضمون میں کامیاب نہ ہونے پر دلبرداشتہ ہو کر گھر والوں کی ڈانٹ کے خوف اور ناکامی پر خودکشی کرلی۔ طالبہ کی لاش پوسٹمارٹم کے بعد اہل خانہ کے حوالے کردی گئی ہے، پولیس نے بھی طالبہ کے دلبرداشتہ ہو کر خودکشی کرنے (بقیہ نمبر 53)

فیصل آباد، 3 سالہ بچہ سمیت 3 نوجوان اغواء، دو خواتین سے زیادتی، دو بہنوں سمیت 4 لڑکیوں کو اغواء کرلیا گیا

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) فیصل آباد میں 3 سالہ بچہ سمیت 3 نوجوان اغواء، دو خواتین سے زیادتی جبکہ دو بہنوں سمیت 4 لڑکیوں کو اغواء کرلیا گیا' عداوت بازی کی بناء پر مشتعل افراد نے فائرنگ کرکے تین مخالفین کو زخمی کر دیا، پولیس نے کارروائی (بقیہ نمبر 55)

عارفوالا، پاکپتن اور بہاولنگر میں سیلاب سے تباہی، مزید کئی علاقے پانی کی نذر

ادھر پاکپتن میں دریائے ستلج کے سیلابی ریلے کی تباہ کاریاں جاری ہیں، سیلابی ریلے نے درجنوں بستیاں اجاڑ دیں

35 سال بعد آنے والا پانی کا بڑا ریلہ بہاولنگر کی حدود میں داخل ہوکر بھوکاں پتن کے مقام سے گزر رہا ہے

عارفوالا، پاکپتن، بہاولنگر (جنرل رپورٹر) عارف والا کے مزید دیہاتوں میں بڑے سیلابی ریلے نے تباہی مچا دی ہے، بے قابو سیلابی ریلے سے مزید کئی علاقے زیرآب آگئے ہیں، سیلابی پانی کئی کلومیٹر تک پھیل چکا ہے جبکہ ہر طرف تباہی کے مناظر ہیں۔ سڑکیں ٹوٹ جانے کی وجہ سے کئی علاقوں کا زمینی رابطہ ختم ہوگیا، سیلابی پانی سے ہزاروں ایکڑ رقبے پر کاشت فصلیں تباہ و برباد ہوگئیں، ہزاروں لوگ نقل مکانی کرکے محفوظ مقامات پر منتقل ہورہے ہیں۔ ادھر پاکپتن میں دریائے ستلج کے سیلابی ریلے کی تباہ کاریاں جاری ہیں، سیلابی ریلے نے درجنوں بستیاں اجاڑ دیں، سینکڑوں مکانات پانی کی نذر ہوگئے، علاقہ مکینوں کی نقل مکانی جاری ہے، دریا کے اطراف سیلاب متاثرین کے لیے خیمہ بستیاں آباد کردی گئی ہیں۔ نقل مکانی کرکے آنے والے خاندانوں کے لئے 6 خیمہ بستیاں قائم کی گئی ہیں، سیلاب متاثرین کو سہولیات نہ ملنے کیوجہ سے خیمہ بستیاں ویران ہیں، خیمہ بستیاں صرف فوٹو سیشن کے لیے (بقیہ نمبر 58)

پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی لاہور کا تاریخی ورثے بارہ دری کی خوبصورتی کیلئے شجرکاری کا عمل

لاہور (سٹی رپورٹر) پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی لاہور نے تاریخی ورثے کامران کی بارہ دری کی شاہراہ کی خوبصورتی کیلئے اقدامات شروع کردیے ہیں۔ ڈی جی پی ایچ اے محمد طاہر وٹو کی (بقیہ نمبر 59)

اسلام آباد: داسو پراجیکٹ کیلئے اراضی کا مسئلہ حل، چیئرمین واپڈا دورہ کر رہے ہیں

وارث خان پولیس کی کارروائی، مختلف مقدمات میں مطلوب 02 اشتہاری مجرمان گرفتار

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) وارث خان پولیس کی کارروائی، مختلف مقدمات میں مطلوب 02 اشتہاری مجرمان گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے زیادتی کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم ریحان کو گرفتار کر لیا، وارث خان نے ایک اور کارروائی کے دوران چوری کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجر (بقیہ نمبر 60)

مریم نواز نویں جماعت کے امتحان میں 550 میں سے 519 نمبر حاصل کرکے پوزیشن ہولڈر بن گئی

چوہنگ (نیوز رپورٹر) لاہور بورڈ کی ہونہار طالبہ مریم نواز نویں جماعت کے امتحان میں 550 میں سے 519 نمبر حاصل کرکے پوزیشن ہولڈر بن گئی، نویں جماعت کا امتحان حکومت کی کووڈ پالیسی کے تحت لیا گیا تھا، گزشتہ لاہور بورڈ کے امتحان (بقیہ نمبر 56)

راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی

08 ملزمان گرفتار، اسلحہ وایمونیشن برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائی، 08 ملزمان گرفتار، اسلحہ وایمونیشن برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق چونترہ پولیس نے ملزم محمد مہتاب سے رائفل 12 بور معہ ایمونیشن، ملزم قدرت اللہ سے 01 کلاشنکوف معہ ایمونیشن، ملزم ساجد سے 01 کلاشنکوف معہ ایمونیشن، ملزم طارق سے 01 کلاشنکوف معہ ایمونیشن، ملزم غلام اکبر سے 01 کلاشنکوف معہ ایمونیشن، ملزم ارسلان سے 01 رائفل معہ ایمونیشن، کلر سیداں پولیس نے ملزم ارباب سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم محمد احسان سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیوں میں مزید تیزی لائی جارہی ہے۔

PUNJAB COLLEGES
FBISE Result
RESULTS

اسلام آباد: وفاقی تعلیمی بورڈ: انٹرمیڈیٹ نتائج کا اعلان، پنجاب کالج نے میدان مارلیا

داسو پراجیکٹ کیلئے اراضی کا مسئلہ حل، تعمیراتی کام میں بہتری آئیگی، چیئرمین واپڈا

چیئرمین کو بتایا گیا کہ اس سال ہائی فلو سیزن کے دوران منصوبے کا ریور ڈائی ورشن سسٹم تسلی بخش طور پر کام کر رہا ہے

بریفنگ میں بتایا گیا کہ ان ٹیک، پاور ہاس، ٹیل ریس ٹنل، سرج چیمبر اور ٹرانسفارمر ہال کے لئے کھدائی کا عمل جاری ہے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین واپڈا انجینئر لیفٹیننٹ جنرل سجاد غنی) ریٹائرڈ (نے کہا ہے کہ داسو ہائیڈرو پاور پراجیکٹ پر تعمیراتی کام میں مزید تیزی آئے گی، کیونکہ پراجیکٹ کے لئے زمین کے حصول کا دیرینہ مسئلہ تقریباً حل کیا جا چکا ہے۔ داسو ہائیڈرو پاور پراجیکٹ کے دورے کے موقع پر چیئرمین واپڈا نے کہا کہ زمین کا حصول پراجیکٹ کی تیز تر تکمیل میں سب سے بڑی رکاوٹ تھا اور اس مسئلے کے حل میں پراجیکٹ حکام کی کوششوں کے علاوہ ضلعی انتظامیہ اور صوبائی حکومت کا تعاون قابل تعریف ہے۔ چیئرمین واپڈا نے منصوبے کے سٹارٹر ڈیم اور زیرزمین پاور ہاس کا تفصیلی دورہ کیا، جنرل منیجر داسو ہائیڈرو پاور پراجیکٹ کے علاوہ کنسلٹنٹس اور کنٹریکٹرز کے پراجیکٹ منیجرز بھی اس موقع پر موجود تھے۔ بریفنگ کے دوران چیئرمین کو بتایا گیا کہ اس سال ہائی فلو سیزن کے دوران منصوبے کا ریور ڈائی ورشن سسٹم تسلی بخش طور پر کام کر رہا ہے، ایک اعشاریہ 3 کلومیٹر طویل لیفٹ بنک فلشنگ ٹنل کو بھی گزشتہ ہفتہ عارضی طور پر (بقیہ نمبر 66)

سینیٹر اعجاز چوہدری کے جوڈیشل ریمانڈ میں 13 روز کی توسیع

عدالت نے تفتیشی افسر کو آئندہ سماعت پر مقدمہ کا مکمل چالان پیش کرنے کا حکم دے دیا

لاہور (نیوز رپورٹر) لاہور کی انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے نو مئی کے واقعات میں پولیس تھانہ شادمان کو جلانے اور توڑ پھوڑ کے الزام کے مقدمہ میں تحریک انصاف کے رہنما سینیٹر اعجاز چوہدری کے جوڈیشل ریمانڈ میں 13 روز کی مزید توسیع کردی۔ عدالت نے تفتیشی افسر کو آئندہ سماعت پر مقدمہ کا مکمل چالان پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج اعجاز احمد بٹر نے کیس کی۔ بدھ کو سماعت پر اعجاز چوہدری کو جوڈیشل ریمانڈ ختم ہونے پر جیل سے لا کر عدالت میں پیش کیا گیا۔ (بقیہ نمبر 61)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سبی سید محمد کلیم کا سول ہسپتال سبی کا اچانک دورہ

کوئٹہ (نیوز رپورٹر) ڈپٹی کمشنر سبی منصور احمد قاضی کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سبی سید محمد کلیم نے سول ہسپتال سبی کا اچانک دورہ کیا۔ انہوں نے ہسپتال کے مختلف وارڈ کا دورہ کیا، صفائی کی صورتحال، ادویات کی کمی، ڈاکٹروں کی حاضریوں کا جائزہ لیا اور مسائل دریافت کئے۔ انہوں نے ہسپتال (بقیہ نمبر 62)

وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ڈینگی کیسز میں مسلسل اضافہ

اسلام آباد کے نجی ہسپتالوں میں بھی ڈینگی سے متاثرہ 18 مریضوں کا علاج جاری ہے

چوبیس گھنٹوں کے دوران تین کیسز رپورٹ ہوئے، متاثرہ مریضوں کی مجموعی تعداد 33 ہوگئی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ڈینگی کیسز میں مسلسل اضافہ ہونے لگا، گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران تین کیسز رپورٹ ہوئے، متاثرہ مریضوں کی مجموعی تعداد 33 ہوگئی۔ ڈی ایچ او کی رپورٹ کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد میں ڈینگی کے 3 کیسز رپورٹ ہوئے جس کے بعد ڈینگی سے متاثرہ مریضوں کی مجموعی تعداد 33 ہوگئی، رواں سیزن ڈینگی سے متاثرہ مریضوں میں 76 فیصد مرد، 24 فیصد خواتین شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق اسلام آباد کے دیہی علاقوں میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 2 کیسز رپورٹ ہوئے، شہری علاقوں میں (بقیہ نمبر 63)

ڈالر نے تمام ریکارڈ توڑ ڈالے، اوپن مارکیٹ میں تاریخ کی بلند ترین سطح پر جا پہنچا

لاہور (نیوز رپورٹر) امریکی ڈالر نے تمام ریکارڈ توڑ ڈالے، اوپن مارکیٹ میں تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا ہے۔ آج بھی کاروبار کے آغاز پر ڈالر کی قدر میں اضافہ دیکھا گیا ہے جبکہ پاکستانی روپے کی بے قدری برقرار ہے۔ کاروباری (بقیہ نمبر 65)

مانگامنڈی چاہ تمولی روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوگیا

عوامی نمائندوں کی عدم توجہ کا مرکز روڈ پر گہرے گڑھے بن گئے، نوٹس کا مطالبہ

مانگامنڈی (نیوز رپورٹر) مانگامنڈی چاہ تمولی روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوگیا عوامی نمائندوں کی عدم توجہ کا مرکز ملتان روڈ سے لنک اللہ دیتہ شہید روڈ پر گہرے گڑھے بن گئے ہیں گہرے گڑھے بننے سے گزرنے والی گاڑیوں چنگ چی رکشوں کو سخت دشواری کا سامنا ہے دوسری جانب روڈ پر بنے کھڈے گاڑیاں تباہ کرنے لگے۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے روڈ بنانے کے بعد پیچ ورک کیلئے آج تک نہ تو کسی (بقیہ نمبر 64)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035